X

وَإِنَّ مِنَ الْبَيَانِ لَسِحْرًا

میٹھے بول میں جادو ہے۔

# قرآنی جواہر پارے

قرآن کی اُن آیات و فقرات کا انتخاب جن سے تحریر و تقریر کو پُر زور، مُدلّل، مؤثر اور پاکیزہ بنایا جا سکتا ہے، جو اہلِ ذوق کے لئے شادابیِ قلب و نظر اور ازدیادِ ایمان و ایقان کا مُوجب ہیں


مرتبہ

عبد الحمید خان

ابن

الحاج مولوی فیروز الدین صاحب

مترجم و مفسر قرآن مجید و بانیٔ فیروز سنز



فیروز سنز لمیٹڈ

لاہور کراچی پشاور

قیمت ۲ روپے



Marfat.com

DATA ENTERED
۱۱۔۷۹۲
۳۱۴ ق
۹۶۵۰

سنِ اشاعت ——— ۱۹۵۹ء
تعدادِ اشاعت ——— ۱۵۰۰
طابع و ناشر ——— فیروز سنز
قیمت ——— دو روپے

مطبوعہ فیروز پرنٹنگ ورکس لاہور
باہتمام عبدالحمید خان پرنٹر و پبلشر

Marfat.com

فرزندِ اکبر

# عبدالغنی برق

کے نام

جس کی پابندئ صوم وصلوٰۃ نے مجھے اتنا خوش کر دیا ہے کہ
بیش بہا دنیاوی دولت بھی کبھی اتنا خوش نہ کر سکتی ۔

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمُ

ے

ایں سعادت بزورِ بازو نیست
تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

عبدالحمید خان

Marfat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

حضرت قبلہ

والد بزرگوار مولوی فیروز الدّین صاحبؒ،

اور

مولانا مولوی احمد علی صاحب مدّظلہ العالی

کے فیضانِ صحبت نے مجھ جیسے ہیچمدان کو یہ موتی چُن کر

سجانے کی سعادت عطا فرمائی

؎

جمالِ ہم نشیں در من اثر کرد

وگرنہ من ہماں خاکم کہ ہستم

آیاتِ مندرجۂ کتاب کا ترجمہ حضرت قبلہ مولوی فیروز الدّین صاحبؒ کے ترجمۂ کلام پاک سے لیا گیا ہے جو رائج الوقت تراجم میں نہایت آسان، سلیس اور بامحاورہ تسلیم کیا جاتا ہے۔

عبد الحمید خان

Marfat.com

# فہرست


| شمار | عنوان | صفحہ |
| --- | --- | --- |
| ۱ | حرفِ آغاز . . . . | ۹ |
| ۲ | بسم اللہ . . . . . . | ۱۱ |
| ۳ | حمد و ثنا . . . . . . | ۱۱ |
| ۴ | قرآن مجید خدا تعالیٰ کا کلام ہے ۔ | ۱۲ |
| ۵ | قرآن ہدایت، عبرت اور نصیحت ہے | ۱۳ |
| ۶ | ایمان . . . . . . . | ۱۶ |
| ۷ | اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں . | ۱۷ |
| ۸ | حکومت اور بادشاہی صرف اللہ کے لئے ہے ۔ | ۲۰ |
| ۹ | اللہ دانا و بینا ہے . . | ۲۳ |
| ۱۰ | اللہ ہر چیز کا خالق ہے ۔ | ۳۰ |
| ۱۱ | تقدیر الٰہی . . . . . . | ۳۱ |
| ۱۲ | اللہ غنی اور حلیم ہے . . | ۳۲ |
| ۱۳ | زندگی اور موت اللہ کے ہاتھ ہے ۔ | ۳۳ |
| ۱۴ | ہدایت اور گمراہی اللہ کے ہاتھ ہے ۔ | ۳۴ |
| ۱۵ | اللہ جلد حساب لینے والا ہے ۔ | ۳۵ |
| ۱۶ | اللہ کا وعدہ سچا ہے ۔ . | ۳۶ |
| ۱۷ | اللہ غفور الرحیم ہے . . | ۳۷ |
| ۱۸ | نفع و نقصان اللہ کے ہاتھ ہے ۔ | ۳۹ |
| ۱۹ | اللہ رازق ہے . . . | ۴۰ |
| ۲۰ | اللہ بڑے فضل والا ہے . . . . | ۴۲ |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| ۲۱ | اللہ شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہے | ۴۲ |
| ۲۲ | اللہ کسی کا اجر ضائع نہیں کرتا | ۴۳ |
| ۲۳ | اللہ ہی کی طرف لوٹنا ہے۔ | ۴۳ |
| ۲۴ | قانون اور فطرتِ الٰہی ناقابلِ تغیّر ہیں | ۴۴ |
| ۲۵ | اللہ اور رسولؐ کی اطاعت | ۴۴ |
| ۲۶ | رسولؐ ہدایت اور دینِ حق لے کر آیا ہے | ۴۵ |
| ۲۷ | اللہ اور رسولؐ کے نافرمانوں کی سزا | ۴۵ |
| ۲۸ | مسلمان بہترین اُمّت ہیں۔ | ۴۶ |
| ۲۹ | دینِ ابراہیمؑ کی پیروی کرو۔ | ۴۷ |
| ۳۰ | اللہ کی راہ میں جہاد کرو۔ | ۴۷ |
| ۳۱ | اللہ کی راہ میں اپنے مالوں کو خرچ کرو | ۴۸ |
| ۳۲ | نماز فرض ہے . . . . | ۵۰ |
| ۳۳ | نماز بُرے کاموں سے روکتی ہے۔ | ۵۰ |
| ۳۴ | پرہیزگار رہو اور اللہ سے ڈرو | ۵۰ |
| ۳۵ | اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ | ۵۳ |
| ۳۶ | اللہ پر بھروسہ کرو . . | ۵۴ |
| ۳۷ | اللہ ہی مددگار ہے . . | ۵۶ |
| ۳۸ | توبہ . . . . . . . . | ۵۷ |
| ۳۹ | اللہ کی رسّی کو مضبوطی سے پکڑلو . . | ۵۸ |
| ۴۰ | اللہ کا پسندیدہ دین صرف اسلام ہے | ۵۸ |
| ۴۱ | احسان کرو . . . . | ۵۹ |
| ۴۲ | عفو و درگزر . . . | ۶۰ |
| ۴۳ | ہجرت . . . . . . | ۶۱ |
| ۴۴ | عبرتیں اور نصیحتیں . . | ۶۲ |
| ۴۵ | اللہ کے سوا ہر چیز فانی ہے . . | ۶۵ |
| ۴۶ | غرور نہ کرو . . . . | ۶۶ |
| ۴۷ | حق باطل پر غالب ہے | ۶۶ |
| ۴۸ | بھلائی اللہ کی طرف سے ہے۔ | ۶۷ |
| ۴۹ | اولیاء اللہ کی شان . . | ۶۸ |
| ۵۰ | شیطان کی پیروی نہ کرو | ۶۹ |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| ۵۱ | قتلِ ناحق بہت بڑا گناہ ہے ۔ | ۷۰ |
| ۵۲ | فضول خرچی نہ کرو ۔ ۔ | ۷۱ |
| ۵۳ | ناپ تول میں کمی نہ کرو ۔ | ۷۲ |
| ۵۴ | لوگوں کے مال ناجائز طریقے سے نہ کھاؤ | ۷۳ |
| ۵۵ | رِشوت نہ لو، نہ دو ۔ ۔ ۔ | ۷۴ |
| ۵۶ | عہدوں کو پورا کرو ۔ ۔ | ۷۴ |
| ۵۷ | عیب جوئی، غیبت اور تمسخر ۔ | ۷۵ |
| ۵۸ | انصاف کرو ۔ ۔ ۔ ۔ | ۷۶ |
| ۵۹ | جھوٹ نہ بولو ۔ ۔ ۔ | ۷۷ |
| ۶۰ | شک کرنا گناہ ہے ۔ | ۷۷ |
| ۶۱ | مسلمان بھائی بھائی ہیں ۔ | ۷۸ |
| ۶۲ | دنیا اور آخرت ۔ ۔ ۔ | ۷۸ |
| ۶۳ | ایمان اور عمل صالح کا اجر و ثواب | ۸۱ |
| ۶۴ | خُدا کی رحمت سے مایُوس نہ ہو ۔ | ۸۲ |
| ۶۵ | صراطِ مستقیم ۔ ۔ ۔ ۔ | ۸۳ |
| ۶۶ | دین میں کوئی جبر نہیں ۔ | ۸۳ |
| ۶۷ | ہر گروہ اپنی حالت پر خوش ہے ۔ | ۸۳ |
| ۶۸ | اچھے بُرے اعمال کے نتائج | ۸۴ |
| ۶۹ | ہر شخص اپنے اعمال کا آپ جواب دِہ ہوگا | ۸۵ |
| ۷۰ | مُردار، خون اور لحمِ خنزیر ۔ | ۸۶ |
| ۷۱ | زانی کی سزا ۔ ۔ ۔ ۔ | ۸۶ |
| ۷۲ | چوری کی سزا ۔ ۔ ۔ ۔ | ۸۶ |
| ۷۳ | شراب اور جُوئے سے بچو ۔ ۔ | ۸۶ |
| ۷۴ | پاک دامن عورتوں پر تہمت نہ لگاؤ ۔ | ۸۷ |
| ۷۵ | قیامت کے دن سے ڈرو | ۸۷ |
| ۷۶ | قیامت کا ہولناک منظر ۔ | ۸۹ |
| ۷۷ | اللہ سخت عذاب دینے والا ہے ۔ | ۹۰ |
| ۷۸ | مومنوں کی دُعائیں ۔ ۔ | ۹۱ |
| ۷۹ | اللہ کافروں سے بے نیاز ہے ۔ | ۹۳ |
| ۸۰ | کافر صحیح علم و عقل نہیں رکھتے ۔ | ۹۵ |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| ۸۱ | اللہ کافروں کا دشمن ہے | ۹۷ |
| ۸۲ | اللہ کافروں کو ہدایت نہیں دیتا۔ | ۹۸ |
| ۸۳ | کافروں پر لعنت ہے۔ | ۹۸ |
| ۸۴ | کافر ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے۔ | ۹۹ |
| ۸۵ | اللہ کافروں کو غلبہ ہرگز نہیں دے گا۔ | ۱۰۰ |
| ۸۶ | کافر کہیں گے کہ کاش وہ مسلمان ہوتے | ۱۰۱ |
| ۸۷ | شرک ظلم عظیم ہے ۔ ۔ ۔ | ۱۰۱ |
| ۸۸ | مشرک اللہ پر افترا کرتے ہیں | ۱۰۲ |
| ۸۹ | اللہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا۔ | ۱۰۳ |
| ۹۰ | مُفسدوں کی سزا ۔ ۔ ۔ | ۱۰۴ |
| ۹۱ | اللہ اپنے بندوں پر ظلم نہیں کرتا | ۱۰۵ |
| ۹۲ | منافق جھوٹے اور دُنیا کے طلب گار ہیں | ۱۰۶ |
| ۹۳ | منافقوں کا ٹھکانہ دوزخ ہے۔ | ۱۰۷ |
| ۹۴ | مرد عورتوں پر فائق ہیں۔ | ۱۰۷ |
| ۹۵ | شرم و حیا اور عصمت و عفّت۔ | ۱۰۷ |
| ۹۶ | سیاحت کرو ۔ ۔ ۔ | ۱۰۸ |
| ۹۷ | انسان کی فطرت ۔ ۔ | ۱۰۸ |
| ۹۸ | بادشاہت کی تباہ کاریاں۔ | ۱۰۹ |
| ۹۹ | گردشِ ایّام ۔ ۔ ۔ | ۱۱۰ |
| ۱۰۰ | سُود حرام ہے ۔ ۔ ۔ | ۱۱۰ |
| ۱۰۱ | لین دین لکھ لیا کرو۔ | ۱۱۱ |
| ۱۰۲ | ہمیشہ سچی گواہی دو۔ | ۱۱۱ |
| ۱۰۳ | آداب و اخلاق ۔ ۔ | ۱۱۲ |
| ۱۰۴ | متفرقات ۔ ۔ ۔ ۔ | ۱۱۴ |


Marfat.com

# حرفِ آغاز

دُنیائے اِسلام میں نہ مُفسّرین کی کمی ہے اور نہ تفسیروں کی بے شمار مدارس و مساجد میں قرآنِ حکیم کی تعلیم و تبلیغ اور درس و تدریس کا سلسلہ جاری ہے جس کثرت سے خدا تعالیٰ کی اس پاک و مقدّس کتاب کی تلاوت ہوتی ہے، دُنیا کی کسی کتاب کی نہیں ہوتی۔

مگر تعجّب و حیرت ہے کہ ہم میں پھر بھی ایمان و عمل کی وہ رُوح پیدا نہیں ہوتی، جو قرآن نے عرب کے وحشیوں میں پیدا کر دی تھی۔ یہ قرآن ہی کا اعجاز تھا کہ اُس نے مِسِ خام کو کُندن بنا دیا اور ایک ایسی بلند کردار قوم پیدا کی، جس نے دُنیا میں حق و صداقت کا بول بالا کیا اور بڑی بڑی سرکش اور جابر سلطنتوں کی بساط اُلٹ دی۔ مگر افسوس ہے کہ تاریخ کے یہ حقائق افسانۂ ماضی بن کر رہ گئے۔ ہم نے دنیا والوں کو اپنے عُروج و اقبال کی داستانیں تو مزے لے لے کر سُنائیں، لیکن خُود قرآن سے کچھ حاصل نہ کیا۔

جاہل تو جاہل، پڑھے لکھے بھی قرآن سے قریب قریب بے بہرہ ہیں۔ مغربی تعلیم و تہذیب نے اُن کے ذہنوں کو مسمُوم کر دیا ہے اور مذہب و اخلاق کا کوئی گوشہ ایسا نہیں، جو اس زہریلے اثر سے محفوظ رہا ہو۔

Marfat.com

چاہیئے تو یہ تھا کہ ہماری زندگی کے ہر شعبے میں قرآن کا دخل ہوتا۔ ہم اُٹھتے بیٹھتے، سوتے جاگتے قرآن سے اکتسابِ فیض کرتے۔ اور اس کو اپنے لئے مشعلِ راہ بناتے۔ مگر ہو رہا ہے اس کے بالکل برعکس۔ ہمیں دُنیا بھر کی کتابوں کے فقرات، ضربُ الامثال، محاورات اور مضامین ازبر ہیں۔ جنہیں ہم اپنی تحریر و تقریر اور باہمی گفتگو کو مؤثّر و دل نشین بنانے کے لئے بلا تکلّف استعمال کرتے ہیں۔ مگر قرآن کی کوئی بات ہماری زبان پر شاذ و نادر ہی آتی ہے۔

زیرِ نظر کتاب کی تالیف کا مقصد محض یہ ہے کہ مسلمان عوام قرآن سے وابستہ ہوں۔ مردوں، عورتوں، بوڑھوں، جوانوں اور بچّوں کو قرآنی جواہر پارے ازبر ہوں اور وہ اپنی تحریر و تقریر اور روزمرّہ گفتگو میں قرآنی ضربُ الامثال، محاورات، آیات اور فقرات استعمال کریں۔ اور اس طرح ایک عام اسلامی فضا پیدا ہو۔

اُردو میں اپنی نوعیّت کی یہ پہلی کوشش ہے۔ اُمید ہے، اسے بنظرِ استحسان دیکھا جائے گا اور نہ صرف عوام بلکہ خطیب، واعظ، مقرّر اور انشا پرداز حضرات بھی اس سے استفادہ کریں گے۔

مجھے اپنی کم مائگی کا احساس ہے۔ اس لئے اگر کوئی فروگزاشت ہوگئی ہو تو قارئین مطلع فرمائیں۔ آئندہ ایڈیشن میں اس کا ازالہ کر دیا جائے گا۔ وَبِاللهِ التَّوْفِيْق۔

عبدالحمید خان

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے

## حمد و ثنا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ○ تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں، جو سب جہانوں کا پروردگار ہے۔ (سورہ فاتحہ آیت ۱)۔

سُبْحٰنَکَ مَا یَکُوْنُ لِیْٓ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَیْسَ لِیْ بِحَقٍّ ط
پاک ہے تو، نہیں شایاں مجھ کو کہ کہوں وہ بات، جو نہیں میرا حق۔
(پارہ ۷ سورہ مائدہ۔ آیت ۱۱۶)۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ط۔ سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں، جس نے پیدا کئے آسمان اور زمین اور بنایا اندھیرا اور روشنی۔ (پارہ ۷، سورہ الانعام آیت ۱)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ ھَدٰنَا لِھٰذَا قف وَمَا کُنَّا لِنَھْتَدِیَ لَوْلَآ اَنْ ھَدٰنَا اللّٰہُ ج۔ شکر ہے اللہ کا جس نے راہ دکھائی ہمیں اس (جنّت) کی اور نہ تھے ہم کہ راہ پاتے، اگر اللہ ہمیں راہ پر نہ لے آتا۔ (پارہ ۸ سورہ الاعراف۔ آیت ۴۳)۔

Marfat.com

تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ○ بڑا ہی بابرکت ہے اللہ، سب جہانوں کا پالنے والا۔ (پارہ ۸ سورہ الاعراف۔ آیت ۵۴)۔

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ ۔ تسبیح کرتی ہے اللہ کی، جو مخلوقات آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے۔ اُسی کی ہے حکومت اور اُسی کو شایاں ہے سب تعریف۔ (پارہ ۲۸ سورہ التغابن۔ آیت ۱)

## قرآن خُدا کا کلام ہے۔

وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ۔ اگر تمہیں اس چیز میں شک ہے، جو ہم نے اپنے بندے پر نازل کی ہے، تو ایک سُورت اس جیسی لے آؤ۔ (پارہ ۱ سورہ البقرہ۔ آیت ۲۳)۔

اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ؕ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا ○ پس کیا وہ غور نہیں کرتے قرآن میں؟ اور اگر ہوتا وہ غیر اللہ کی طرف سے، تو البتہ اس میں بہت اختلاف پاتے۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۸۲)۔

وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ يُّفْتَرٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اور یہ قرآن ایسا نہیں کہ اللہ کے سوا اسے کوئی اپنی طرف سے بنا لائے۔ (پارہ ۱۱ سورہ یونس۔ آیت ۳۷)۔

Marfat.com

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ مُفْتَرَيٰتٍ۔ کیا کہتے ہیں کہ تُو نے قرآن خُود بنا لیا ہے؟ کہہ دو تم بھی ایسی دس سُورتیں بنا لاؤ۔ (پارہ ۱۲ سورہ ہُود۔ آیت ۱۳)۔

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ○ بلاشبہ ہم نے ہی اُتارا ہے یہ ذکر (قرآن) اور بلاشبہ ہم ہی اس کے محافظ ہیں۔ (پارہ ۱۴ سورہ حجر۔ آیت ۹)۔

تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ○ نازل کی گئی ہے یہ کتاب اللہ کی طرف سے، جو بڑا غالب حکمت والا ہے۔ (پارہ ۲۳ سورہ الزّمر۔ آیت ۱)۔

## قرآن ہدایت، عبرت اور نصیحت ہے۔

ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛۚ فِيْهِ ۛۚ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ○ یہ وہ کتاب ہے، کوئی شک و شبہ نہیں جس میں، ہدایت کرتی ہے خدا سے ڈرنے والوں کو۔ (پارہ ۱ سورہ بقر۔ آیت ۲)۔

وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ○ اور ایمان والوں کے لئے ہدایت اور خوش خبری ہے۔ (پارہ ۱ سورہ بقر۔ آیت ۹۷)۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي الْاَبْصَارِ ○ بے شک اس میں دیکھنے والوں کے لئے عبرت ہے (پارہ ۳ سورہ آل عمران آیت ۱۳)۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ○

Marfat.com

بے شک اس میں تمہارے لئے کافی دلیل ہے، اگر تم ایمان والے ہو۔ (پارہ ۳ سورہ آل عمران آیت ۴۹)۔

هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ۔ یہ بیان ہے لوگوں کے لئے۔
(پارہ ۳ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۳۸)۔

وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ○ اور ہدایت اور نصیحت ہے، پرہیزگاروں کے واسطے۔ (پارہ ۳ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۳۸)۔

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْعٰلَمِيْنَ ○ نہیں ہے مگر یہ نصیحت جہان والوں کے لئے۔ (پارہ ۷ سورہ الانعام۔ آیت ۹۰)۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّمَنْ خَافَ عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ط
واقعی اس میں عبرت ہے اس کے لئے جو ڈرتا ہے عذاب آخرت سے۔ (پارہ ۱۲ سورہ ہود۔ آیت ۱۰۳)۔

اَلْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَّذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ○ حق بات اور نصیحت اور یاددہانی ایمان والوں کے لئے۔ (پارہ ۱۲ سورہ ہود۔ آیت ۱۲۰)۔

لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ط
مَا كَانَ حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ
وَتَفْصِيْلَ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ○
البتہ ہے اُن کے احوال میں عبرت اہل عقل کے لئے، (یہ قرآن) نہیں ہے ایسی بات جو جھوٹ بنائی جاسکے اور لیکن تصدیق ہے اُس کی جو اس سے پہلے ہوچکیں اور تفصیل ہر بات کی اور ہدایت اور رحمت ہے

Marfat.com

اُن لوگوں کے لئے جو ایمان لاتے ہیں۔ (پارہ ۱۳ سورہ یوسف۔ آیت ۱۱۱)۔

اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ○ بے شک نصیحت تو پکڑتے ہیں عقل والے ہی۔ (پارہ ۱۳ سورہ الرعد۔ آیت ۱۹)۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ○ بلاشبہ اس میں نشانی ہے ان لوگوں کے لئے جو غور کرتے ہیں (پارہ ۱۴ سورہ النحل۔ آیت ۱۳)۔

اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ ○ بلاشبہ یہ قرآن ہدایت کرتا ہے اُس راہ کی جو سب سے سیدھی ہے اور خوش خبری دیتا ہے ایمان والوں کو۔ (پارہ ۱۵۔ سورہ بنی اسرائیل۔ آیت ۹)۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي النُّهٰى ○ بلاشبہ اس میں نشانیاں ہیں اہل عقل کے لئے۔ (پارہ ۱۶ سورہ طٰہٰ۔ آیت ۱۲۸)۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ○ بے شک اس میں نشانی ہے (قدرت کی) اور نہیں اکثر ان میں سے ایمان لانے والے۔ (پارہ ۱۹ سورہ الشعراء۔ آیت ۱۰۳)۔

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ○ نہیں یہ (قرآن) مگر نصیحت اہل عالم کے لئے۔ (پارہ ۲۳ سورہ صٓ۔ آیت ۸۷)۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِمَنْ كَانَ لَهٗ قَلْبٌ اَوْ اَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيْدٌ ○ بے شک اس میں نصیحت ہے اُس کے لئے جسے حاصل ہے دل یا وہ لگاتا ہے کان حضورِ قلب

Marfat.com

سے۔ (پارہ ۲۶ سورہ ق۔ آیت ۳۷)۔

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝
اور ہم نے آسان کر دیا ہے قرآن کو نصیحت حاصل کرنے کے لئے
پس کیا ہے کوئی نصیحت پکڑنے والا۔ (پارہ ۲۷ سورہ القمر۔ آیت ۲۲)۔

اِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ ۝ بے شک یہی ہے حق قابلِ
یقین۔ (پارہ ۲۷ سورہ الواقعہ۔ آیت ۹۵)۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ۝ بے شک اس میں
عبرت ہے اس کے لئے جو ڈرتا ہے (پارہ ۳۰ سورہ النّزعٰت۔ آیت ۲۶)۔

## ایمان۔

قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَا اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَمَا اُنْزِلَ عَلٰى
اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَا
اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَالنَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۔ کہہ دیجئے ہم
ایمان لائے اللہ پر اور اس (کتاب) پر جو نازل ہوئی ہم پر اور جو
نازل ہوئی ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ اور اسحاقؑ اور یعقوبؑ اور اس کی
اولاد پر اور اُس پر جو دی گئی موسٰیؑ اور عیسٰیؑ اور سب نبیوںؑ کو اُن کے
رب کی طرف سے۔ (پارہ ۳ سورہ آل عمران۔ آیت ۸۴)۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ
الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْۤ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ؕ

Marfat.com

وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا ۝ اے ایمان والو! ایمان لاؤ اللہ پر اور اُس کے رسُول پر اور اُس کتاب پر جو اُس نے نازل کی اپنے رسُول پر اور اُس کتاب پر جو نازل کی اس سے پہلے۔ اور جو کوئی انکار کرے اللہ اور اُس کے فرشتوں اور اُس کی کتابوں اور اُس کے رسولوں اور روزِ قیامت کا، تو وہ بھٹک گیا راہِ حق سے بہت دُور۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۱۳۶)۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصّٰبِئُوْنَ وَالنَّصٰرٰى مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ بلا شبہ جو مُسلمان ہیں اور جو یہُودی ہیں اور صابی اور نصاریٰ، جو کوئی ایمان لایا اللہ پر اور روزِ آخرت پر اور عمل کئے نیک سو نہ کوئی خوف ہوگا اُن پر اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ (پارہ ٦ سورہ المائدہ۔ آیت ٦٩)۔

## اللہ کے سوا کوئی معبُود نہیں۔

وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ اور تمہارا معبُود ایک ہی معبُود ہے۔ نہیں کوئی عبادت کے لائق مگر وہی۔ بڑا مہربان، نہایت رحم والا۔ (پارہ ۲ سورہ البقر آیت ۱٦۳)۔

Marfat.com

لَا تَأْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ط۔ نہ آتی ہے اُسے اُونگھ اور نہ نیند۔ (پارہ ۳ سورہ البقر۔ آیت ۲۵۵)۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لا اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ط اللہ ہی ہے۔ کوئی معبود نہیں سوائے اس کے، وہ ہمیشہ زندہ ہے، سب کو قائم رکھنے والا ہے۔ (پارہ ۳ سورہ آل عمران۔ آیت ۲)۔

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لا۔ گواہی دے دی اللہ نے کہ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے۔ (پارہ ۳ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۸)۔

وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا۔ اور عبادت کرو اللہ کی اور اُس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۳۶)۔

فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ ط اِنْتَهُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ط اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ط پس ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسولوں پر اور نہ کہو کہ (خدا) تین ہیں۔ باز آؤ اس سے یہی بہتر ہے تمہارے حق میں۔ اللہ تو معبود اکیلا ہے۔ (پارہ ۶، سورہ نساء۔ آیت ۱۷۱)۔

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ط اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ○ وہ لوگ جو ایمان لائے اور اطمینان پکڑتے ہیں اُن کے دل اللہ کے ذکر سے۔ سُنو اللہ ہی کے ذکر سے اطمینان پکڑتے ہیں دل۔ (پارہ ۱۳ سورہ الرعد۔ آیت ۲۸)۔

Marfat.com

وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَأْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ○ اور عبادت کیجئے اپنے رب کی، یہاں تک کہ آئے آپ کے پاس یقینی بات —
(پارہ ۱۴ سورہ الحجر۔ آیت ۹۹)۔

اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنَ ○ وہ ایک ہی معبود ہے، پھر مجھی سے ڈرو۔ (پارہ ۱۴ سورہ النحل۔ آیت ۵۱)۔

وَاللّٰهُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ○ اور اللہ ہی ہے بہتر اور باقی رہنے والا۔ (پارہ ۱۶ سورہ طٰہٰ۔ آیت ۷۳)۔

وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ؕ اور جھکے ہوں گے سب چہرے ہمیشہ زندہ پائندہ (خدا) کے سامنے۔ (پارہ ۱۶ سورہ طٰہٰ۔ آیت ۱۱۱)۔

وَمَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍ بِمَا خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ۔ اور نہ ہی اُس کے ساتھ کوئی اور معبود ہے، تب تو لے جاتا ہر معبود جو کچھ اُس نے پیدا کیا تھا اور غالب آجاتا ایک اُن میں سے دُوسرے پر۔ (پارہ ۱۸۔ سورہ مومنون۔ آیت ۹۱)۔

وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ۔ اور توکّل کیجئے ہمیشہ زندہ رہنے والے پر جس کو موت نہیں۔ (پارہ ۱۹ سورہ الفرقان آیت ۵۸)۔

اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ ؕ۔ سُنو! بندگی خالص اللہ

Marfat.com

ہی کے لئے ہے۔ (پارہ ۲۳ سورہ الزمر۔ آیت ۳)۔

هُوَ الْحَيُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ۔ وُہی ہے ہمیشہ زندہ۔ نہیں ہے کوئی معبُود سوا اُس کے۔ (پارہ ۲۴ سورہ مومن۔ آیت ۶۵)۔

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنَ ○ اور نہیں پیدا کیا ہم نے جنّوں اور انسانوں کو، مگر اس لئے کہ وہ ہماری عبادت کریں۔ (پارہ ۲۷ سورہ الذّٰریٰت۔ آیت ۵۶)۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ۔ وہی ہے اللہ کہ نہیں کوئی معبُود سوائے اُس کے۔ (پارہ ۲۸ سورہ حشر۔ آیت ۲۳)۔

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَمْ يَلِدْ ۵ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ○ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○ کہہ دیجئے اللہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔ نہ اُس کی کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے اور نہیں ہے اُس کے برابر کوئی۔ (پارہ ۳۰ سورہ اخلاص۔ آیت ۴)۔

## حکومت و بادشاہی صرف اللہ کے لئے ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ (پارہ ۱ سورہ بقر۔ آیت ۱۹)۔

تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ۔ تُوہی دیتا ہے حکومت جسے چاہے اور چھین لیتا ہے سلطنت جس

Marfat.com

سے چاہے۔ (پارہ ۳ سورہ آل عمران۔ آیت۔ ۲۶)۔

وَلِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ وَ اِلَی اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝ اور اللہ ہی کا ہے سب کچھ، جو آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور اللہ ہی کی طرف رجوع کئے جائیں گے سب کام۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۰۹)۔

بَلِ اللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۔ بلکہ اللہ ہی تمہارا مالک ہے ۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۵۰)۔

اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ؕ ۔ بے شک سب کام اللہ ہی کے اختیار میں ہیں۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۵۴)۔

وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ ۔ اور اللہ ہی کے لئے میراث ہے آسمانوں اور زمین کی (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۸۰)

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۔ اور اللہ ہی کے لئے ہے بادشاہی آسمانوں اور زمین کی۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۸۹)۔

اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ ۙ يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ بے شک زمین تو اللہ کی ہے۔ وارث کردے اُس کو جسے چاہے، اپنے بندوں میں سے۔ (پارہ ۹ سورہ الاعراف۔ آیت ۱۲۸)۔

اَلَاۤ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ ۔ سُنو! بلاشبہ اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے۔ (پارہ ۱۰ سورہ یونس۔ آیت ۵۵)۔

Marfat.com

اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ۔ نہیں ہے حکم کسی کا سوائے اللہ کے۔
(پارہ ۱۲ سورہ یوسف۔ آیت ۴۰)۔

وَ اللّٰهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ ؕ۔ اور اللہ ہی حکم کرتا ہے، کوئی ٹالنے والا نہیں اُس کے حکم کو۔ (پارہ ۱۳ سورہ الرعد۔ آیت ۴۱)۔

وَ لِلّٰهِ يَسْجُدُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مِنْ دَآبَّةٍ وَّالْمَلٰٓئِكَةُ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۝ اور اللہ ہی کو سجدہ کرتی ہے جو چیز ہے آسمانوں میں اور جو چیز ہے زمین پر چلنے والی اور فرشتے بھی اور وہ نہیں سرتابی کرتے۔ (پارہ ۱۴ سورہ النحل۔ آیت ۴۹)۔

فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ج۔ پس اونچی شان والا اللہ بادشاہ حقیقی ہے۔ (پارہ ۱۶ سورہ طٰہٰ۔ آیت ۱۱۴)۔

فَلِلّٰهِ الْاٰخِرَةُ وَالْاُوْلٰى ۝ پس اللہ ہی کے اختیار میں ہے آخرت بھی اور دنیا بھی۔ (پارہ ۲۷ سورہ النجم۔ آیت ۲۵)۔

يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ط اور داخل کرتا ہے رات کو دن میں اور داخل کرتا ہے دن کو رات میں۔ (پارہ ۲۷ سورہ الحدید۔ آیت ۶)۔

وَ اللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ج وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝ اللہ ہی تمہارا مالک ہے اور وہی سب کچھ جانتا حکمت والا ہے۔
(پارہ ۲۸ سورہ التحریم۔ آیت ۲)۔

اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۝ کیا نہیں اللہ سب حاکموں

۹۶۵۰

Marfat.com

سے بڑا حاکم۔ (پارہ ۳۰ سورہ التّین۔ آیت ۸)۔

## اللہ دانا و بینا ہے۔

وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ○ اور وہ ہر چیز کو جانتا ہے۔
(پارہ ۱ سورہ بقر۔ آیت ۲۹)۔

إِنَّكَ أَنتَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ ○ بے شک تو ہی بڑا جاننے والا اور حکمت والا ہے۔ (پارہ ۱ سورہ بقر۔ آیت ۳۱)

وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ○ اور اللہ اس سے بے خبر نہیں جو تم کرتے ہو۔ (پارہ ۱ سورہ بقر۔ آیت ۸۵)۔

وَاللّٰهُ بَصِيرٌ بِمَا يَعْمَلُونَ ○ اور اللہ دیکھتا ہے جو وہ کرتے ہیں۔ (پارہ ۱ سورہ بقر۔ آیت ۹۶)۔

إِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ○ بے شک اللہ سب کچھ دیکھتا ہے جو وہ کرتے ہیں۔ (پارہ ۱ سورہ بقر۔ آیت ۱۱۰)۔

إِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ○ بے شک اللہ وسعت والا اور جاننے والا ہے۔ (پارہ ۱ سورہ بقر۔ آیت ۱۱۵)۔

إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ○ بے شک تو ہی غالب حکمت والا ہے۔ (پارہ ۱ سورہ بقر۔ آیت ۱۲۹)۔

إِنَّ اللّٰهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ○ بے شک اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔ (پارہ ۲ سورہ بقر۔ آیت ۱۸۱)۔

Marfat.com

اَنَّ اللّٰہَ عَزِیۡزٌ حَکِیۡمٌ ○ اللہ زبردست حکمت والا ہے
(پارہ ۲ سورہ بقر۔ آیت ۲۰۹)۔

فَاِنَّ اللّٰہَ بِہٖ عَلِیۡمٌ ○ بلاشبہ اللہ اسے خوب جانتا ہے۔ (پارہ ۲ سورہ بقر۔ آیت ۲۱۵)۔

وَاللّٰہُ یَعۡلَمُ وَاَنۡتُمۡ لَا تَعۡلَمُوۡنَ ○ اور اللہ ہی جانتا ہے تم نہیں جانتے۔ (پارہ ۲ سورہ بقر۔ آیت ۲۱۶)۔

وَاللّٰہُ سَمِیۡعٌ عَلِیۡمٌ ○ اور اللہ سُنتا جانتا ہے۔
(پارہ ۲ سورہ بقر۔ آیت ۲۲۴)۔

وَاعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰہَ بِکُلِّ شَیۡءٍ عَلِیۡمٌ ○ اور جان لو کہ اللہ ہر چیز کو خوب جانتا ہے۔ (پارہ ۲ سورہ بقر۔ آیت ۲۳۱)۔

وَاعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰہَ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِیۡرٌ ○ اور جان لو کہ اللہ اس کو جو تم کرتے ہو، خوب جانتا ہے۔ (پارہ ۲ سورہ بقر۔ آیت ۲۳۳)۔

وَاللّٰہُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِیۡرٌ ○ اور اللہ اُس سے جو تم کرتے ہو، خوب خبردار ہے۔ (پارہ ۲ سورہ بقر۔ آیت ۲۳۴)۔

وَاللّٰہُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِیۡرٌ ○ اور اللہ جو کچھ تم کرتے ہو دیکھتا ہے۔ (پارہ ۳ سورہ بقر۔ آیت ۲۱۵)۔

وَاللّٰہُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ عَلِیۡمٌ ○ اور اللہ جو کچھ تم کرتے ہو خوب جانتا ہے۔ (پارہ ۳ سورہ بقر۔ آیت ۲۸۳)۔

Marfat.com

وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ ۝ اور اللہ بندوں کو خوب دیکھتا ہے۔ (پارہ ۳ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۵):

اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ بے شک تو ہی بڑا سننے والا جاننے والا ہے۔ (پارہ ۳ سورہ آل عمران۔ آیت ۳۵)۔

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ اور اللہ ہی جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔ (پارہ ۳ سورہ آل عمران۔ آیت ۶۶)۔

وَاللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى مَا تَعْمَلُوْنَ ۝ اور اللہ دیکھ رہا ہے، جو تم کرتے ہو۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۹۸)۔

اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ بے شک اللہ دلوں کے بھید خوب جانتا ہے۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۱۹)۔

اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ۝ یقیناً اللہ اس کو گھیرے ہوئے ہے، جو وہ کرتے ہیں۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۲۰)۔

وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ۝ اور اللہ خوب دیکھ رہا ہے، جو وہ کرتے ہیں۔ پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۶۳)۔

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُوْنَ ۝ اور اللہ زیادہ جانتا ہے اس کو جو وہ چھپاتے ہیں۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۶۷)۔

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا ۝ بے شک اللہ تم پر نگہبان ہے۔ (پارہ ۴ سورہ نساء۔ آیت ۱)۔

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ بے شک اللہ جاننے والا

Marfat.com

حکمت والا ہے۔ (پارہ ۴ سورہ نساء۔ آیت ۱۱)۔

وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ○ اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ (پارہ ۴ سورہ نساء۔ آیت ۱۷)۔

وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ○ اور اللہ ہی گواہ کافی ہے۔ (پارہ ۶ سورہ نساء۔ آیت ۱۶۶)۔

اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ○ تو ہی ہے بہت جاننے والا سب چھپی باتوں کو۔ (پارہ ۷ سورہ مائدہ۔ آیت ۱۰۹)۔

وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ○ اور تو ہر ایک چیز سے خوب خبردار ہے۔ (پارہ ۷ سورہ مائدہ۔ آیت ۱۱۷)۔

وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ○ اور وہی ہے بڑا حکمت والا خبردار۔ (پارہ ۷ سورہ انعام۔ آیت ۷۳)۔

وَسِعَ رَبِّيْ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ۭ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ○ احاطہ کر لیا ہے میرے رب نے ہر چیز کو علم سے، پس کیا تم نصیحت نہیں مانتے۔ (پارہ ۷ سورہ انعام۔ آیت ۸۰۔

وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ○ اور وہی بہتر جانتا ہے راہ پر چلنے والوں کو۔ (پارہ ۸ سورہ انعام۔ آیت ۱۱۷)

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَصِفُوْنَ ○ اور اللہ ہی خوب جانتا ہے جو تم بیان کر رہے ہو۔ (پارہ ۱۳ سورہ یوسف۔ آیت ۷۷)۔

عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ○

Marfat.com

وہ جاننے والا ہے سب چھپی اور کھلی باتوں کا سب سے بڑا ہے عالی شان۔ (پارہ ۱۳۔سورہ الرعد۔آیت ۹)۔

کَفٰی بِاللّٰہِ شَہِیۡدًۢا بَیۡنِیۡ وَبَیۡنَکُمۡ ؕ کافی ہے اللہ ہی گواہ میرے اور تمہارے درمیان۔ (پارہ ۱۳ سورہ الرعد۔ آیت ۹)۔

وَاللّٰہُ یَعۡلَمُ مَا تُسِرُّوۡنَ وَمَا تُعۡلِنُوۡنَ ۝ اور اللہ جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو اور جو تم ظاہر کرتے ہو۔ (پارہ ۱۴ سورہ النحل۔ آیت ۱۹)۔

وَلِلّٰہِ الۡمَثَلُ الۡاَعۡلٰی ؕ وَہُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ ۝ اور اللہ کے لئے ہے مثال سب سے اُونچی اور وہ بڑا غالب حکمت والا ہے۔ (پارہ ۱۴ سورہ النحل۔ آیت ۶۰)۔

وَاِنۡ تَجۡہَرۡ بِالۡقَوۡلِ فَاِنَّہٗ یَعۡلَمُ السِّرَّ وَاَخۡفٰی ۝ اور اگر آپ زور سے کہیں بات تو وہ جانتا ہے پوشیدہ اور اس سے بھی پوشیدہ۔ (پارہ ۱۶ سورہ طٰہٰ۔ آیت ۷)۔

اِنَّہٗ یَعۡلَمُ الۡجَہۡرَ مِنَ الۡقَوۡلِ وَیَعۡلَمُ مَا تَکۡتُمُوۡنَ ۝ بے شک وہ جانتا ہے ظاہر بات کو بھی اور وہ جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو۔ (پارہ ۱۷ سورہ الانبیاء۔ آیت ۱۱۰)۔

اِنَّ اللّٰہَ لَطِیۡفٌ خَبِیۡرٌ ۝ بے شک اللہ بڑا باریک بین اور ہر چیز سے باخبر ہے۔ (پارہ ۱۷ سورہ حج۔ آیت ۶۳)۔

یَعۡلَمُ مَا بَیۡنَ اَیۡدِیۡہِمۡ وَمَا خَلۡفَہُمۡ ؕ وہ جانتا ہے

Marfat.com

جو کچھ اُن کے سامنے ہے اور جو کچھ اُن کے پیچھے ہے۔ (پارہ ۱۷ سورہ حج۔ آیت ۷۶)۔

وَاللّٰہُ عَلِیْمٌ بِمَا یَفْعَلُوْنَ ○ اللہ خوب جانتا ہے جو وہ کرتے ہیں۔ (پارہ ۱۸ سورہ النور۔ آیت ۴۱)۔

لَا یَعْلَمُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَیْبَ اِلَّا اللّٰہُ ط۔ نہیں جانتا ہے جو بھی آسمانوں اور زمین میں ہے غیب کو سوا اللہ کے۔ (پارہ ۲۰ سورہ النمل۔ آیت ۶۵)۔

اِنَّ اللّٰہَ کَانَ لَطِیْفًا خَبِیْرًا ○ بے شک اللہ بڑا باریک بین اور باخبر ہے۔ (پارہ ۲۲ سورہ الاحزاب۔ آیت ۳۴)۔

وَاللّٰہُ یَعْلَمُ مَا فِیْ قُلُوْبِکُمْ ط۔ اور اللہ ہی جانتا ہے جو تمہارے دلوں میں ہے۔ (پارہ ۲۲۔ سورہ الاحزاب۔ آیت ۵۱)۔

اِنَّہٗ سَمِیْعٌ قَرِیْبٌ ○ بے شک وہ سب کچھ سنتا ہے اور قریب ہے۔ (پارہ ۲۲۔ سورہ السبا۔ آیت ۵۰)۔

یَعْلَمُ خَآئِنَۃَ الْاَعْیُنِ وَمَا تُخْفِی الصُّدُوْرُ ○ وہ جانتا ہے خیانت آنکھوں کی اور جو کچھ چھپاتے ہیں سینے میں (پارہ ۲۴ سورہ المومن۔ آیت ۱۹)۔

وَمَا تَخْرُجُ مِنْ ثَمَرٰتٍ مِّنْ اَکْمَامِھَا وَمَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰی وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِہٖ ○ اور نہیں نکلتا کوئی پھل اپنے

Marfat.com

غلافوں سے اور نہ حاملہ ہوتی ہے کوئی مادہ اور نہ وضع حمل کرتی ہے مگر اُس کے علم سے۔ (پارہ ۲۵ سورہ حٰمٓ السجدہ۔ آیت ۴۷)۔

اَوَلَمْ یَکْفِ بِرَبِّكَ اَنَّهٗ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدٌ

کیا کافی نہیں آپ کو رب اور وہ ہر چیز پر گواہ ہے۔ (پارہ ۲۵ سورہ حٰمٓ السجدہ۔ آیت ۵۳)۔

وَاللّٰهُ یَعْلَمُ مُتَقَلَّبَکُمْ وَمَثْوٰکُمْ ○ اور اللہ ہی خوب جانتا ہے تمہارے لوٹنے اور آرام کرنے کی جگہ کو۔ (پارہ ۲۶ سورہ محمدؐ۔ آیت ۱۹)۔

وَاللّٰهُ یَعْلَمُ اَعْمَالَکُمْ ○ اور اللہ تمہارے اعمال کو خوب جانتا ہے۔ (پارہ ۲۶۔سورہ محمدؐ۔ آیت ۳۰)۔

وَاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا ○ اور کہ اللہ نے احاطہ کر رکھا ہے ہر چیز کو علم سے۔ (پارہ ۲۸۔سورہ الطلاق۔آیت ۱۲)۔

وَاَسِرُّوْا قَوْلَکُمْ اَوِاجْهَرُوْا بِهٖ ؕ اِنَّهٗ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ○ اور تم چھپاؤ اپنی بات یا ظاہر کرو اُس کو، بے شک وہ تو خوب جانتا ہے بھید سینوں کے۔ (پارہ ۲۹ سورہ الملک۔ آیت ۱۳)۔

وَاللّٰهُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدٌ ○ اور اللہ ہر شئے پر شاہد ہے۔ (پارہ ۳۰۔سورہ البروج۔ آیت ۹)۔

اِنَّهٗ یَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا یَخْفٰی ○ بے شک وہ جانتا ہے ہر ظاہر اور مخفی بات کو۔ (پارہ ۳۰۔ سورہ الاعلیٰ۔ آیت ۷)۔

Marfat.com

## اللہ ہر چیز کا خالق ہے۔

هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا ۔ وہی ہے جس نے پیدا کیا تمہارے لئے جو زمین میں ہے سب کچھ ۔ (پارہ ۱ سورہ البقرہ۔ آیت ۲۹)۔

هُوَ الَّذِي يُصَوِّرُكُمْ فِي الْأَرْحَامِ كَيْفَ يَشَاءُ ط وہی ہے جو صورت بناتا ہے تمہاری (ماں کے) پیٹ میں جیسی چاہے۔ (پارہ ۳۔ سورہ آل عمران۔ آیت ۶)۔

وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ ط اور وہی ہے جس نے پیدا کیا آسمانوں اور زمینوں کو ٹھیک طور پر۔ (پارہ ۷ سورہ الانعام۔ آیت ۷۳)۔

قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ○ کہہ دیجئے اللہ ہی پیدا کرنے والا ہے ہر چیز کا اور وہ ایک ہی زبردست ہے۔ (پارہ ۱۳ سورہ الرعد۔ آیت ۱۶)۔

فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِينَ ○ پس بڑا ہی بابرکت ہے اللہ، سب سے بہتر بنانے والا (پارہ ۱۸ سورہ المومنون۔ آیت ۱۴)۔

يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ ط يَهَبُ لِمَنْ يَّشَاءُ اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَاءُ الذُّكُوْرَ ○ وہ پیدا کرتا ہے جو چاہے۔ بخشتا ہے جسے چاہے لڑکیاں اور بخشتا ہے جسے چاہے لڑکے۔ (پارہ ۲۵۔

Marfat.com

سورہ الشوریٰ۔ آیت ۴۹)۔

لَقَدۡ خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ فِیۡۤ اَحۡسَنِ تَقۡوِیۡمٍ ○ کہ بلاشبہ ہم نے انسان کو پیدا کیا ہے بہترین اعتدال پر۔ (پارہ ۳۰۔ سورہ التّین۔ آیت ۴)۔

## تقدیرِ الٰہی۔

وَاِذَا قَضٰۤی اَمۡرًا فَاِنَّمَا یَقُوۡلُ لَہٗ کُنۡ فَیَکُوۡنُ ○ اور جب وہ فیصلہ کر لیتا ہے کسی امر کا تو بس یہی کہتا ہے اُس سے کہ ہو جا تو وہ ہو جاتا ہے۔ (پارہ ۱۶ سورہ مریم۔ آیت ۳۵)۔

وَكَانَ اَمۡرُ اللّٰهِ مَفۡعُوۡلًا ○ اور ہے حُکمِ الٰہی ہو کر رہنے والا۔ (پارہ ۲۲ سورہ الاحزاب۔ آیت ۳۷)۔

وَكَانَ اَمۡرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقۡدُوۡرَا ○ اور ہے امرِ الٰہی ازل میں مقرّر شدہ۔ (پارہ ۲۲ سورہ الاحزاب۔ آیت ۳۸)۔

اِنَّمَاۤ اَمۡرُہٗۤ اِذَاۤ اَرَادَ شَیۡـًٔا اَنۡ یَّقُوۡلَ لَہٗ کُنۡ فَیَکُوۡنُ ○ اُس کا حکم تو ایسا ہے کہ جب وہ ارادہ کرتا ہے کسی چیز کا تو فرماتا ہے اس کو ہو جا، پس وہ ہو جاتی ہے۔ (پارہ ۲۳ سورہ یٰسٓ۔ آیت ۸۲)۔

وَمَاۤ اَمۡرُنَاۤ اِلَّا وَاحِدَۃٌ كَلَمۡحٍۭ بِالۡبَصَرِ ○ اور نہیں ہمارا حکم مگر صرف ایک حکم جیسے جھپکنا آنکھ کا۔

Marfat.com

(پارہ ۲۷ سورہ القمر۔ آیت ۵۰)۔

قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ○ بے شک ٹھہرا رکھا ہے اللہ نے ہر ایک چیز کے لئے ایک اندازہ۔ (پارہ ۲۸ سورہ الطلاق۔ آیت ۳)۔

## اللہ غنی اور حلیم ہے۔

وَاعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ حَلِیْمٌ ○ اور جان لو کہ اللہ بڑا بخشنے والا بُردبار ہے۔ (پارہ ۲ سورہ بقر۔ آیت ۲۳۵)۔

وَاللّٰہُ غَنِیٌّ حَلِیْمٌ ○ اور اللہ بے نیاز ہے حلم والا۔ (پارہ ۳ سورہ بقر۔ آیت ۲۶۳)۔

وَاعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰہَ غَنِیٌّ حَمِیْدٌ ○ اور جان لو کہ اللہ بے پرواہ ہے تعریف کے لائق۔ (پارہ ۳ سورہ بقر۔ آیت ۲۶۷)۔

وَاللّٰہُ عَلِیْمٌ حَلِیْمٌ ○ط اور اللہ جاننے والا بُردبار ہے۔ (پارہ ۴ سورہ النساء۔ آیت ۱۲)۔

اِنَّہٗ کَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا ○ بلاشبہ وہ ہے بڑا حلم والا بڑا بخشنے والا۔ (پارہ ۱۵ سورہ بنی اسرائیل۔ آیت ۴۴)۔

وَکَانَ اللّٰہُ عَلِیْمًا حَلِیْمًا ○ اور ہے اللہ سب کچھ جانتا بڑا حلم والا۔ (پارہ ۲۲ سورہ الاحزاب۔ آیت ۵۱)۔

وَاللّٰہُ الْغَنِیُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ ج۔ اور اللہ تو بے پرواہ

Marfat.com

ہے، تم ہی محتاج ہو۔ (پارہ ۲۶ سورہ محمدؐ۔ آیت ۳۸)۔

وَاللّٰہُ شَکُوْرٌ حَلِیْمٌ ○ اور اللہ بڑا قدردان حلم والا ہے۔ (پارہ ۲۸ سورہ التغابن۔ آیت ۱۷)۔

## زندگی اور موت اللہ کے ہاتھ ہے۔

رَبِّیَ الَّذِیْ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ۔ میرا رب تو وہ ہے جو زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے۔ (پارہ ۱ سورہ بقر۔ آیت ۲۵۸)۔

وَمَا کَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰہِ ۔ اور نہیں مر سکتا کوئی شخص مگر اللہ کے حکم سے۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۴۵)۔

وَاللّٰہُ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ۔ اور اللہ ہی زندہ کرتا اور مارتا ہے۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۵۶)۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ۔ نہیں کوئی معبود سوا اُس کے، وہی زندہ کرتا اور مارتا ہے۔ (پارہ ۹ سورہ الاعراف۔ آیت ۱۵۸)۔

وَھُوَ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ وَاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ ○ وہی زندہ کرتا ہے، وہی مارتا ہے اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ (پارہ ۱۱ سورہ یونس۔ آیت ۵۵)۔

وَاَنَّہٗ یُحْیِ الْمَوْتٰی ۔ اور کہ وہ زندہ کرتا ہے مُردوں کو۔ (پارہ ۱۷ سورہ الحج۔ آیت ۶)۔

Marfat.com

يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ۔ وہ نکالتا ہے جان دار کو بے جان سے اور نکالتا ہے بے جان کو جان دار سے۔ (پارہ ۲۱ سورہ الروم۔ آیت ۱۹)۔

اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى۔ بے شک وہی زندہ کرنے والا ہے مُردوں کو۔ (پارہ ۲۱ سورہ الروم۔ آیت ۵۰)۔

## ہدایت اور گمراہی اللہ کے ہاتھ ہے۔

وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ○ اور جسے اللہ گمراہ کرے، آپ ہرگز نہ پائیں گے اُس کے لئے کوئی راستہ۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۱۴۳)۔

مَنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يُضْلِلْهُ ؕ وَمَنْ يَّشَاْ يَجْعَلْهُ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○ جسے چاہے اللہ گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہے، سیدھی راہ پر لگا دیتا ہے۔ (پارہ ۷۔ سورہ الانعام۔ آیت ۳۹)۔

مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِيْ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ○ جسے راہ پر لے آئے اللہ، وہی ہے سیدھے راستہ پر چلنے والا اور جسے وہ بھٹکا دے بس وہی ہیں نقصان اُٹھانے والے۔ (پارہ ۹ سورہ الاعراف۔ آیت ۱۷۸)۔

اِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ اَنَابَ ○ بے شک اللہ گمراہ کرتا ہے جسے چاہے اور ہدایت کرتا ہے اپنی

Marfat.com

طرف اُسے جو اُس کی طرف رجوع کرے۔ (پارہ ۱۳ سورہ الرعد۔ آیت ۲۷)۔

وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِهٖ ۖ۔ اور جسے ہدایت کردے اللہ، سو وہی ہے راہِ راست پر چلنے والا اور جسے وہ گمراہ کردے، سو آپ نہ پائیں گے اُن کے لئے کوئی دوست اُس کے سوا۔ (پارہ ۱۵ سورہ بنی اسرائیل۔ آیت ۹۷)۔

وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ۝ اور جسے گمراہ کردے اللہ، کوئی نہیں اُس کو راہ پر لانے والا۔ (پارہ ۲۳ سورہ الزمر۔ آیت ۲۳)۔

وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ وَّلِيٍّ مِّنْ بَعْدِهٖ ؕ اور جسے گمراہ کردے اللہ، سو نہیں اس کا کوئی کارساز اس کے بعد۔ (پارہ ۲۵ سورہ الشوریٰ۔ آیت ۴۴)۔

وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ سَبِيْلٍ ۝ اور جسے گمراہ کردے اللہ، سو نہیں ہے اُس کے لئے کوئی سبیل۔ (پارہ ۲۵ سورہ الشوریٰ۔ آیت ۴۶)۔

## اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔

وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝ اور اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔ (پارہ ۲ سورہ بقرہ۔ آیت ۲۰۲)۔

Marfat.com

فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ○ بے شک اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔ (پارہ ۳ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۹)۔

وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ○ اور کافی ہے اللہ حساب لینے والا۔ (پارہ ۴ سورہ نساء۔ آیت ۶)۔

وَهُوَ اَسْرَعُ الْحٰسِبِيْنَ ○ اور وہ بہت جلد حساب لینے والا ہے۔ (پارہ ۷ سورہ الانعام۔ آیت ۶۲)۔

وَهُوَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ○ اور وہ جلد حساب لینے والا ہے۔ (پارہ ۱۳ سورہ الرعد۔ آیت ۴۱)۔

## اللہ کا وعدہ سچا ہے۔

اَلَآ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ○ سنو! بلا شک وعدہ اللہ کا سچا ہے، لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ (پارہ ۱۱ سورہ یونس۔ آیت ۵۴)

وَعْدَ اللّٰهِ ۭ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ وَعْدَهٗ۔ وعدہ ہے اللہ کا۔ اللہ اپنے وعدہ کے خلاف نہیں کرتا۔ (پارہ ۲۱ سورہ الروم۔ آیت ۶)۔

اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ○ بے شک وعدہ اللہ کا سچا ہے پس نہ دھوکہ دے تم کو زندگی دنیا کی اور نہ دھوکہ دے تم کو اللہ کے بارے میں شیطان۔ (پارہ ۲۱ سورہ لقمٰن۔ آیت ۳۳)۔

Marfat.com

فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰہِ حَقٌّ ۔پس صبر کیجئے، بے شک وعدہ اللہ کا سچا ہے۔ (پارہ ۲۴ سورہ المومن۔ آیت ۷۷)۔

## اللہ غفور الرحیم ہے۔

اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ○ بے شک تو ہی بڑا توبہ قبول کرنے والا رحم والا ہے۔ (پارہ ۱ سورہ بقر۔ آیت ۱۲۸)۔

اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ اللہ بڑا بخشنے والا رحم والا ہے۔ (پارہ ۲ سورہ بقر۔ آیت ۱۷۳)۔

وَاللّٰہُ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ ○ اور اللہ بندوں پر بڑا مہربان ہے۔ (پارہ ۲ سورہ بقر۔ آیت ۲۰۷)۔

اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ○ بے شک اللہ بڑا معاف کرنے والا بردبار ہے۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت۔ ۱۵۵)۔

اِنَّ اللّٰہَ كَانَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ○ بے شک اللہ بڑا توبہ قبول کرنے والا رحم والا ہے۔ (پارہ ۴ سورہ نساء۔ آیت ۱۶)۔

اِنَّ اللّٰہَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ○ بے شک اللہ بڑا بخشنے والا رحم والا ہے۔ (پارہ ۴ سورہ نساء۔ آیت ۲۳)۔

اِنَّ اللّٰہَ كَانَ عَفُوًّا غَفُوْرًا ○ بے شک اللہ بڑا معاف کرنے والا بخشنے والا ہے۔ (پارہ ۵۔ سورہ نساء۔ آیت ۴۳)۔

وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا

Marfat.com

اللّٰہَ وَاسۡتَغۡفَرَ لَہُمُ الرَّسُوۡلُ لَوَجَدُوا اللّٰہَ تَوَّابًا رَّحِیۡمًا ○
اور اگر وہ لوگ جب اُنہوں نے ظلم کیا تھا اپنی جانوں پر، آجاتے آپ کے پاس، پھر معافی مانگتے اللہ سے اور بخشش مانگتا اُن کے لئے رسولؐ بھی، تو البتہ پاتے وہ اللہ کو بڑا توبہ قبول کرنے والا رحم والا۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۶۴)۔

وَمَنۡ یَّعۡمَلۡ سُوۡٓءًا اَوۡ یَظۡلِمۡ نَفۡسَہٗ ثُمَّ یَسۡتَغۡفِرِ اللّٰہَ یَجِدِ اللّٰہَ غَفُوۡرًا رَّحِیۡمًا ○ اور جو کرے بُرا کام یا ظلم اپنے اوپر، پھر مغفرت مانگے اللہ سے، وہ پائے گا اللہ کو بڑا بخشنے والا۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۱۱۰)۔

فَاِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَفُوًّا قَدِیۡرًا ○ بے شک اللہ بڑا معاف کرنے والا قدرت والا ہے۔ (پارہ ۶ سورہ نساء۔ آیت ۱۴۹)۔

اِنَّ رَبِّیۡ غَفُوۡرٌ رَّحِیۡمٌ ○ بے شک میرا رب بڑا بخشنے والا رحم والا ہے۔ (پارہ ۱۳ سورہ یوسف۔ آیت ۵۳)۔

فَاللّٰہُ خَیۡرٌ حٰفِظًا وَّہُوَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ ○
پس اللہ ہی بہتر محافظ ہے اور وہی سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔ (پارہ ۱۳ سورہ یوسف۔ آیت ۶۴)۔

یَغۡفِرُ اللّٰہُ لَکُمۡ وَہُوَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ ○
معاف کرے اللہ تم کو اور وہ سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔ (پارہ ۱۳ سورہ یوسف۔ آیت ۹۲)۔

Marfat.com

وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ عَلٰى ظُلْمِهِمْ ج
اور بے شک آپ کا رب بڑا معاف کرنے والا ہے لوگوں کو، باوجود اُن کے ظلم کے۔ (پارہ ۱۳ سورہ الرعد۔ آیت ۶)۔

ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ عَمِلُوا السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْٓا اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ پھر بلاشبہ آپ کا پروردگار ان لوگوں کو جنہوں نے عمل کیا بُرا جہالت سے، پھر توبہ کر لی اس کے بعد اور اصلاح کر لی، بلاشبہ آپ کا رب اُس کے بعد بڑا بخشنے والا رحم والا ہے۔ (پارہ ۱۴ سورہ النحل۔ آیت ۱۱۹)۔

وَرَبُّكَ الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ ط۔ اور آپ کا رب بڑا بخشنے والا رحمت والا ہے۔ (پارہ ۱۵ سورہ الکہف۔ آیت ۵۸)۔

وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ○ اور بے شک آپ کا پروردگار ہی بڑا غالب رحم والا ہے۔ (پارہ ۱۹ سورہ الشعراء۔ آیت ۹)۔

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ○ اور ہے اللہ بڑا بخشنے والا رحم والا۔ (پارہ ۲۶ سورہ الفتح۔ آیت ۱۴)۔

## نفع و نقصان اللہ کے ہاتھ ہے۔

وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ط وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

Marfat.com

اور اگر پہنچائے تجھے اللہ کوئی تکلیف تو نہیں کوئی دُور کرنے والا اس کو اُس کے سوا اور اگر وہ پہنچائے تجھے بھلائی تو وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ (پارہ ۷ سورہ الانعام۔ آیت ۱۷)۔

وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ۔ اور اگر پہنچائے تمہیں اللہ کوئی تکلیف تو نہیں کوئی دُور کرنے والا اُس کے سوا اور اگر وہ پہنچانا چاہے تجھے کوئی بھلائی تو کوئی ٹالنے والا نہیں اُس کے فضل کو۔ (پارہ ۱۱ سورہ یونس۔ آیت ۱۰۷)۔

## اللہ رازق ہے۔

وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ○ اور اللہ جسے چاہے بے حساب رزق دیتا ہے۔ (پارہ ۲ سورہ بقر۔ آیت ۲۱۲)۔

اِنَّ اللّٰهَ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ○ بے شک اللہ بے حساب رزق دیتا ہے جسے چاہے۔ (پارہ ۳ سورہ آل عمران آیت ۳۷)۔

اَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ○ تو سب سے بہتر رزق دینے والا ہے۔ (پارہ ۷ سورہ مائدہ۔ آیت ۱۱۴)۔

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا۔ اور نہیں کوئی چلنے والا جاندار زمین میں، مگر اللہ پر ہے اُس کا

Marfat.com

رزق۔ (پارہ ۱۲ سورہ ہود۔ آیت ۶)۔

اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ط اللہ ہی فراخ کرتا ہے روزی جس کی چاہے اور کم کرتا ہے۔ (پارہ ۱۳ سورہ الرعد۔ آیت ۲۶)۔

اِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ط بے شک آپ کا رب ہی فراخ کرتا ہے روزی جس کی چاہے اور کم کرتا ہے۔ (پارہ ۱۵ سورہ بنی اسرائیل۔ آیت ۳۰)۔

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ۔ کیا انہوں نے دیکھا نہیں کہ اللہ ہی زیادہ کرتا ہے روزی جس کی چاہے اور کم کرتا ہے۔ (پارہ ۲۱ سورہ الروم۔ آیت ۳۷)۔

قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ۔ کہہ دیجئے میرا رب ہی کشادہ کرتا ہے روزی جس کی چاہے اور کم کرتا ہے۔ (پارہ ۲۲ سورہ السبا۔ آیت ۳۶)۔

نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيْشَتَهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا۔ ہم نے ہی تقسیم کی اُن کے درمیان اُن کی روزی زندگی میں دُنیا کی۔ (پارہ ۲۵ سورہ الزخرف۔ آیت ۳۲)۔

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ○ بلاشبہ اللہ ہی روزی دینے والا، قوت بڑھانے والا غالب ہے۔ (پارہ ۲۷ سورہ الذّٰریٰت۔ آیت ۵۸)۔

Marfat.com

وَاللّٰهُ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ○ اور اللہ ہی سب سے بہتر روزی رساں ہے۔ (پارہ ۲۸ سورہ جمعہ۔ آیت ۱۱)۔

وَیَرْزُقْهُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ ط اور رزق دے گا اُس کو جہاں سے اُسے گمان بھی نہ ہو۔ (پارہ ۲۸ سورہ الطلاق آیت ۳)۔

## اللہ بڑے فضل والا ہے۔

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْعٰلَمِیْنَ ○ لیکن اللہ تمام عالموں پر بڑا فضل والا ہے۔ (پارہ ۲ سورہ بقر۔ آیت ۲۵۱)۔

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰهِ ج بے شک بزرگی اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ (پارہ ۳ سورہ آل عمران۔ آیت ۷۳)۔

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ○ اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ (پارہ ۳ سورہ آل عمران۔ آیت ۷۴)۔

وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْمُؤْمِنِیْنَ ○ اور اللہ بڑے فضل والا ہے مسلمانوں پر۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۵۲)۔

اِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ۔ بے شک آپ کا رب لوگوں پر بڑے فضل والا ہے۔ (پارہ ۲۰ سورہ النمل۔ آیت ۷۳)۔

## اللہ شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہے۔

وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ ○ اور ہم

Marfat.com

زیادہ قریب ہیں اس سے، اس کی رگِ گلو سے بھی۔ (پارہ ۲۶ - سورہ قٓ - آیت ۱۶)۔

## اللہ کسی کا اجر ضائع نہیں کرتا۔

اِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیۡعُ اَجۡرَ الۡمُحۡسِنِیۡنَ ○ بے شک اللہ نہیں ضائع کرتا اجر نیکوکاروں کا۔ (پارہ ۱۱ سورہ توبہ۔ آیت ۱۲۰)۔

فَاِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیۡعُ اَجۡرَ الۡمُحۡسِنِیۡنَ ○ پس اللہ ضائع نہیں کرتا اجر نیکی کرنے والوں کا۔ (پارہ ۱۳ سورہ یوسف۔ آیت ۹۰)۔

## اللہ ہی کی طرف لوٹنا ہے۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّاۤ اِلَیۡہِ رٰجِعُوۡنَ ○ ہم تو اللہ کے بندے ہیں، اور اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ (پارہ ۱ سورہ بقر۔ آیت ۱۵۶)۔

وَ اِلَی اللّٰہِ تُرۡجَعُ الۡاُمُوۡرُ ○ اور اللہ ہی کی طرف سب کام رجوع کئے جائیں گے۔ (پارہ ۲ سورہ بقر۔ آیت ۲۱۰)۔

وَ اللّٰہُ عِنۡدَہٗ حُسۡنُ الۡمَاٰبِ ○ اور اچھا ٹھکانہ اللہ ہی کے پاس ہے۔ (پارہ ۳ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۴)۔

وَ اِلَی اللّٰہِ الۡمَصِیۡرُ ○ اور اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ (پارہ ۳ سورہ آل عمران۔ آیت ۲۸)۔

اَلَاۤ اِلَی اللّٰہِ تَصِیۡرُ الۡاُمُوۡرُ ○ یاد رکھو، اللہ ہی کی طرف

Marfat.com

لوٹتے ہیں سب امور۔ (پارہ ۲۵ سورہ الشوریٰ۔آیت ۵۳)۔

وَ اِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ○ اور بلاشبہ ہم تو اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ (پارہ ۲۵ سورہ الزخرف۔آیت ۱۴)۔

## قانون اور فطرتِ الٰہی ناقابلِ تغیّر ہیں۔

وَلَا مُبَدِّلَ لِکَلِمٰتِ اللّٰہِ ج۔ اور نہیں کوئی بدلنے والا اللہ کی باتیں۔ (پارہ ۷ سورہ انعام۔آیت ۳۴)۔

لَا مُبَدِّلَ لِکَلِمٰتِہٖ ج۔ نہیں کوئی بدلنے والا اُس کی بات کو۔ (پارہ ۷ سورہ انعام۔آیت ۱۱۵)۔

وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِیْلًا ○ اور نہ پائیں گے آپ ہمارے قانون میں کوئی تبدیلی۔ (پارہ ۱۵ سورہ بنی اسرائیل۔آیت ۷۷)۔

لَا تَبْدِیْلَ لِخَلْقِ اللّٰہِ ط۔ فطرتِ الٰہی میں کوئی ردّ و بدل نہیں۔ (پارہ ۲۱ سورہ الروم۔آیت ۳۰)۔

## اللہ اور اُس کے رسولؐ کی اطاعت۔

وَ اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَ الرَّسُوْلَ۔ اور حکم مانو اللہ کا اور رسولؐ کا۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔آیت ۱۳۲)۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِیُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰہِ ط اور نہیں بھیجا ہم نے کوئی رسول، مگر اس لیئے کہ اس کی اطاعت

Marfat.com

کی جائے اللہ کے حکم سے۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۶۴)

مَنْ یُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ج جس نے رسُول کا حکم مانا، اُس نے اللہ کا حکم مانا۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۶۴)۔

وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَیَخْشَ اللّٰهَ وَیَتَّقْهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ○ اور جو حکم مانے اللہ کا اور اُس کے رسُول کا اور ڈرے اللہ سے اور بچتا رہے اس کی مخالفت سے، سو وہی بامُراد ہیں۔ (پارہ ۱۸ سورہ النور۔ آیت ۵۲)۔

وَاِنْ تُطِیْعُوْهُ تَهْتَدُوْا ○ اور اگر تم اُس کا حکم مانوگے تو ہدایت پاؤگے۔ (پارہ ۱۸ سورہ النور۔ آیت ۵۴)۔

## رسُولؐ ہدایت اور دینِ حق لے کر آیا ہے۔

هُوَ الَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ○ وہی ہے جس نے بھیجا اپنا رسُول ہدایت اور دینِ حق دے کر، تاکہ غالب کردے اُسے سب دینوں پر، اگرچہ بُرا مانیں مشرک لوگ۔

(پارہ ۱۰ سورہ التوبہ۔ آیت ۳۳)۔

## اللہ اور رسُولؐ کے نافرمانوں کی سزا

وَمَنْ یُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَیَّنَ لَهُ الْهُدٰی

Marfat.com

وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ○ اور جو کوئی مخالفت کرے اُس رسول کی بعد اس کے کہ ظاہر ہو چکی اُس پر حق بات اور پیروی کرے اور طریقہ کی مسلمانوں کے طریقے کے سوا، ہم پھیر دیں گے اُسے جدھر پھرتا ہے اور ڈال دیں گے اسے جہنّم میں اور وہ بُری جگہ ہے لوٹ جانے کی۔ (پارہ ۵ سورہ النساء۔ آیت ۱۱۵)۔

وَمَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ○ اور جو مخالفت کرے اللہ اور اُس کے رسُول کی، تو بلاشک اللہ سخت عذاب دینے والا ہے۔ (پارہ ۹ سورہ الانفال آیت ۱۳)۔

## مُسلمان بہترین اُمّت ہیں۔

وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ○ اور ہونے چاہئیں تم میں سے کچھ لوگ جو بُلاتے رہیں نیکی کی طرف اور حکم کرتے رہیں نیک کام کا اور روکتے رہیں بُرے کاموں سے اور وہی ہیں مراد پانے والے۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۰۴)

كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ۔ اور تم بہترین اُمت ہو جو پیدا کی گئی

Marfat.com

لوگوں کے لئے، تم حکم کرتے ہو نیک کاموں کا اور روکتے ہو برے کاموں سے۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۱۰)۔

## دینِ ابراہیمؑ کی پیروی کرو۔

فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ پس پیروی کرو دین ابراہیم کی، جو اللہ ہی کا ہو رہا تھا اور نہ تھا مشرکوں میں سے۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۹۵)۔

## اللہ کی راہ میں جہاد کرو۔

وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔ اور جہاد کرو اللہ کے راستے میں۔ (پارہ ۱ سورہ البقر۔ آیت ۲۴۴)۔

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ۝ اور ہرگز نہ سمجھنا اُن کو جو شہید ہوئے اللہ کی راہ میں مُردے، بلکہ وہ تو زندہ ہیں اپنے رب کے یہاں رزق دیئے جاتے ہیں۔ (پارہ ۴۔ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۶۹)۔

وَجَاهِدُوْا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ؕ۔ اور جہاد کرو اللہ کی راہ میں، جیسا کہ اس کے جہاد کا حق ہے۔ (پارہ ۱۷۔ سورہ الحج۔ آیت ۷۸)۔

وَمَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ؕ۔ اور جو شخص

Marfat.com

جہاد کرتا ہے، سو وہ جہاد کرتا ہے اپنے ہی لئے۔ (پارہ ۲۰ سورۃ العنکبوت۔ آیت ۶)۔

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ یَرْتَابُوْا وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ○ بے شک سچے مسلمان تو وہی ہیں جو ایمان لائے اللہ پر اور اس کے رسول پر، پھر انہوں نے شک نہ کیا اور جہاد کیا اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے راہ میں اللہ کی، یہی ہیں سچے (مسلمان)۔ (پارہ ۲۶ سورہ الحجرات۔ آیت ۱۵)۔

اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الَّذِیْنَ یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْیَانٌ مَّرْصُوْصٌ ○ بے شک اللہ پسند کرتا ہے اُن کو جو اللہ کی راہ میں صفیں باندھ کر لڑتے ہیں، گویا وہ ایک دیوار ہیں سیسہ پلائی ہوئی۔ (پارہ ۲۸ سورہ الصف۔ آیت ۴)۔

وَتُجَاهِدُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ؕ اور جہاد کرو تم راہ میں اللہ کی اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے۔ (پارہ ۲۸ سورہ الصف۔ آیت ۱۱)۔

## اللہ کی راہ میں اپنے مالوں کو خرچ کرو۔

وَاِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ اُولُوا الْقُرْبٰى وَالْیَتٰمٰى وَالْمَسٰكِیْنُ فَارْزُقُوْهُمْ مِّنْهُ وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ○

Marfat.com

اور جب حاضر ہوں تقسیم پر قرابت والے اور یتیم اور مسکین تو دو انہیں اس میں سے اور کہو اُن سے بات معقول۔ (پارہ ۴ سورہ نسآء آیت ۸)۔

وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَیْءٍ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ یُوَفَّ اِلَیْکُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ○ اور جو کچھ بھی تم خرچ کرتے ہو کوئی چیز راہ میں اللہ کے، اس کا پورا اجر دیا جائے گا تم کو اور تم سے بے انصافی نہ ہوگی۔ (پارہ ۱۰ سورہ الانفال۔ آیت ۶۰)۔

اِنَّ اللّٰہَ یَجْزِی الْمُتَصَدِّقِیْنَ ○ بے شک اللہ جزا دیتا ہے خیرات کرنے والوں کو۔ (پارہ ۱۳ سورہ یوسف۔ آیت ۸۸)۔

مَا عِنْدَکُمْ یَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰہِ بَاقٍ ط۔ جو تمہارے پاس ہے وہ سب خرچ ہو جائے گا اور جو اللہ کے یہاں ہے، وہ ہمیشہ باقی رہنے والا ہے۔ (پارہ ۱۴ سورہ النحل۔ آیت ۹۶)۔

وَاَنْفِقُوْا مِنْ مَّا رَزَقْنٰکُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَ اَحَدَکُمُ الْمَوْتُ۔ اور خرچ کرو اُس میں سے جو ہم نے روزی دی تم کو، اس سے پہلے کہ آجائے کسی کو تم میں سے موت۔ (پارہ ۲۸ سورہ المنافقون آیت ۱۰)۔

فَاَمَّا الْیَتِیْمَ فَلَا تَقْھَرْ ○ پس جو یتیم ہے اُس پر سختی نہ کیجئے۔ (پارہ ۳۰ سورہ ضحیٰ۔ آیت ۹)۔

وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْھَرْ ○ اور جو سائل ہے سو اُس کو

Marfat.com

نہ جھڑکیئے۔ (پارہ ۳۰ سورہ الضحیٰ۔ آیت ۱۰)۔

## نماز فرض ہے۔

اِنَّ الصَّلٰوۃَ کَانَتْ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ کِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ○ بے شک نماز ہے مسلمانوں پر فرض مقررہ وقتوں ہیں۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۱۰۳)۔

## نماز بُرے کاموں سے روکتی ہے۔

اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ ط بیشک نماز بے حیائی اور بُرے کاموں سے روکتی ہے۔ (پارہ ۲۱ سورہ العنکبوت۔ آیت ۴۵)۔

## پرہیزگار بنو اور اللہ سے ڈرو۔

وَاتَّقُوا اللّٰہَ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ ○ اور اللہ سے ڈرتے رہو، تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ۔ (پارہ ۲ سورہ بقر۔ آیت ۱۸۹)۔

اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الْمُتَّقِیْنَ ○ اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے۔ (پارہ ۲ سورہ بقر۔ آیت ۱۹۴)۔

وَاتَّقُوْنِ یٰٓاُولِی الْاَلْبَابِ ○ اے عقل والو! مجھ سے ڈرو۔ (پارہ ۲ سورہ بقر۔ آیت ۱۹۷)۔

Marfat.com

فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ○ پس ڈرتے رہو اللہ سے، تاکہ تم شکر کرو۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۲۳)۔

مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ ۚ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى قف آرام دنیا کا چند روزہ ہے اور آخرت بہتر ہے اس کے لئے جو پرہیزگار ہے۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۷۷)۔

وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ○ اور ڈرو اللہ سے، جس پر تم ایمان رکھتے ہو۔ (پارہ ۷ سورہ مائدہ۔ آیت ۸۸)۔

وَالدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ط۔ اور آخرت ہی کا گھر بہتر ہے اُن کے لئے جو ڈرتے ہیں اللہ سے۔ (پارہ ۹۔ سورہ الاعراف۔ آیت ۱۶۹)۔

فَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشَوْهُ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ○ پس اللہ ہی زیادہ حق رکھتا ہے کہ تم ڈرو اُس سے، اگر تم مومن ہو۔ (پارہ ۱۰ سورہ التوبہ۔ آیت ۱۳)۔

اَفَمَنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى تَقْوٰى مِنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى شَفَا جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ بِهٖ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ پس کیا وہ شخص جس نے بنیاد رکھی اپنی عمارت کی خوفِ الٰہی اور اس کی خوشنودی پر، وہ بہتر ہے یا وہ شخص جس نے بنیاد رکھی اپنی عمارت کی وادی کے اس کنارے پر جو نیچے سے کھوکھلا گرنے

Marfat.com

ہی کو ہے دوزخ کی آگ میں۔ (پارہ ۱۱ سورہ توبہ۔ آیت ۱۰۹)۔

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰہَ مَعَ الْمُتَّقِیْنَ ○ اور جان لو کہ اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے۔ (پارہ ۱۱ سورہ التوبہ۔ آیت ۱۲۳)۔

اَفَغَیْرَ اللّٰہِ تَتَّقُوْنَ ○ پس کیا غیر اللہ سے تم ڈرتے ہو؟ (پارہ ۱۴ سورہ النحل۔ آیت ۵۲)۔

اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِیْنَ ھُمْ مُّحْسِنُوْنَ ○ بے شک اللہ ساتھ ہے اُن لوگوں کے جو پرہیزگار ہیں اور اُن کے جو نیکوکار ہیں۔ (پارہ ۱۴ سورہ النحل۔ آیت ۱۲۸)۔

لَنْ یَّنَالَ اللّٰہَ لُحُوْمُھَا وَلَا دِمَآؤُھَا وَلٰکِنْ یَّنَالُہُ التَّقْوٰی مِنْکُمْ ط ہرگز نہیں پہنچے گا اللہ کو اُن کا گوشت اور نہ اُن کا خون، لیکن پہنچے گا اس کو تقویٰ تمہارا۔ (پارہ ۱۷ سورہ الحج۔ آیت ۳۷)۔

اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ ط۔ بے شک زیادہ عزّت والا تم میں سے اللہ کے نزدیک وہ ہے جو تم میں سے زیادہ پرہیزگار ہے۔ (پارہ ۲۶ سورہ الحجرات۔ آیت ۱۳)۔

اِنَّ لِلْمُتَّقِیْنَ عِنْدَ رَبِّھِمْ جَنّٰتِ النَّعِیْمِ ○ بلاشبہ پرہیزگاروں کے لئے اُن کے رب کے یہاں باغ ہیں نعمت کے۔ (پارہ ۲۹ سورہ القلم۔ آیت ۳۴)۔

Marfat.com

## اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

وَاللّٰہُ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ ○ اور اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ (پارہ ۲ سورہ بقرہ۔ آیت ۲۴۹)۔

وَاللّٰہُ یُحِبُّ الصّٰبِرِیْنَ ○ اور اللہ دوست رکھتا ہے ثابت رہنے والوں کو۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۴۶)۔

وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ اور اگر تم صبر کرو اور پرہیزگاری تو بلاشبہ یہ بڑی ہمت کا کام ہے۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۸۶)۔

وَاِنْ تَصْبِرُوْا خَیْرٌ لَّكُمْ۔ اور تمہارا صبر کرنا تمہارے لئے بہتر ہے۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۲۵)۔

فَاصْبِرُوْا حَتّٰی یَحْكُمَ اللّٰہُ بَیْنَنَا ج وَھُوَ خَیْرُ الْحٰكِمِیْنَ ○ تو صبر کرو، یہاں تک کہ اللہ ہمارے درمیان فیصلہ کرے اور وہ سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔ (پارہ ۸ سورہ الاعراف آیت ۸۷)۔

اَسْتَعِیْنُوْا بِاللّٰہِ وَاصْبِرُوْا۔ تم اللہ سے مدد مانگو اور صبر کرو۔ (پارہ ۹ سورہ الاعراف۔ آیت ۱۲۸)۔

فَاصْبِرْ ط اِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِیْنَ ○ پس صبر کیجئے بلاشک نیک انجام تو پرہیزگاروں ہی کا ہے۔ (پارہ ۱۲ سورہ ہود۔ آیت ۴۹)۔

وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَھُوَ خَیْرٌ لِّلصّٰبِرِیْنَ ○ اور اگر تم صبر کرو

Marfat.com

تو وہ بہتر ہے صبر کرنے والوں کے لئے۔ (پارہ ۱۴ سورہ النحل۔ آیت ۱۲۶)۔

سَتَجِدُنِیٓ اِنۡ شَآءَ اللّٰہُ مِنَ الصّٰبِرِیۡنَ ۝ آپ پائیں گے مجھے انشاء اللہ صبر کرنے والوں میں۔ (پارہ ۲۳ سورہ الصّٰفّٰت۔ آیت ۱۰۲)۔

وَاَرۡضُ اللّٰہِ وَاسِعَۃٌ ؕ اِنَّمَا یُوَفَّی الصّٰبِرُوۡنَ اَجۡرَہُمۡ بِغَیۡرِ حِسَابٍ ۝ اور زمین اللہ کی وسیع ہے، بلاشبہ دیا جائے گا صبر کرنے والوں کو اجر بے حساب۔ (پارہ ۲۳ سورہ الزمر۔ آیت ۱۰)۔

وَلَمَنۡ صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِکَ لَمِنۡ عَزۡمِ الۡاُمُوۡرِ ۝ اور البتہ جس نے صبر کیا اور معاف کر دیا، بے شک یہ تو بڑی ہمت کا کام ہے۔ (پارہ ۲۵ سورہ الشوریٰ۔ آیت ۴۳)۔

فَاصۡبِرۡ کَمَا صَبَرَ اُولُوا الۡعَزۡمِ مِنَ الرُّسُلِ۔ پس صبر کیجئے، جیسا کہ صبر کیا تھا اولوالعزم پیغمبروں نے۔ (پارہ ۲۶ سورہ الاحقاف۔ آیت ۳۵)۔

فَاصۡبِرۡ لِحُکۡمِ رَبِّکَ وَلَا تُطِعۡ مِنۡہُمۡ اٰثِمًا اَوۡ کَفُوۡرًا ۝ پس صبر کیجئے اپنے رب کے حکم کے لئے اور نہ کہا مانیئے ان میں سے کسی گنہگار اور ناشکرے کا۔ (پارہ ۲۹ سورہ الدھر۔ آیت ۲۴)۔

## اللہ پر بھروسہ کرو۔

اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الۡمُتَوَکِّلِیۡنَ ۝ بے شک اللہ توکّل کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۵۹)۔

Marfat.com

وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ○ اور اللہ ہی پر مومن بھروسہ کرتے ہیں۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۶۰)۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ○ ہمارے لئے اللہ کافی ہے اور وہ بہت اچھا کارساز ہے۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۷۳)۔

اِنِّيْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمْ ط میں نے توبھروسہ کیا اللہ پر جو میرا اور تمہارا سب کا رب ہے۔ (پارہ ۱۲ سورہ ہود۔ آیت ۱۷۳)۔

وَمَا تَوْفِيْقِيْ اِلَّا بِاللّٰهِ ط عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ○ اور مجھے توفیق نہیں مگر اللہ کی تائید سے، اسی پر میں بھروسہ کرتا ہوں اور اسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں۔ (پارہ ۱۲ سورہ ہود۔ آیت ۸۸)۔

حَسْبِيَ اللّٰهُ ط عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ○ کافی ہے مجھے اللہ، اسی پر بھروسہ کرتے ہیں بھروسہ کرنے والے ۔ (پارہ ۲۴ سورہ الزمر۔ آیت ۳۸)۔

وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ○ اور جو (اجر) اللہ کے یہاں ہے، وہ بہتر اور پائندہ تر ہے اُن کے لئے جو ایمان لائے اور اپنے رب پر ہی وہ بھروسہ کرتے ہیں۔ (پارہ ۲۵ سورہ الشوریٰ۔ آیت ۳۶)۔

وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ط اور جو بھروسہ کرے اللہ پر سو وہی کافی ہے اُس کو۔ (پارہ ۲۸ سورہ الطلاق۔ آیت ۳)

Marfat.com

## اللہ ہی مددگار ہے۔

اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰہِ قَرِیْبٌ ○ بے شک اللہ کی امداد قریب ہے۔ (پارہ ۲ سورہ بقر۔ آیت ۲۱۴)۔

وَھُوَ خَیْرُ النّٰصِرِیْنَ ○ اور وہ سب سے اچھا مددگار ہے۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۵۰)۔

اِنْ یَّنْصُرْکُمُ اللّٰہُ فَلَا غَالِبَ لَکُمْ ۚ۔ اگر نصرت دے اللہ تم کو تو کوئی نہیں جو غالب آسکے تم پر۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۶۰)۔

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِاَعْدَآءِکُمْ ؕ وَکَفٰی بِاللّٰہِ وَلِیًّا ۙ وَّکَفٰی بِاللّٰہِ نَصِیْرًا۔ اور اللہ خوب جانتا ہے تمہارے دشمنوں کو اور کافی ہے اللہ ہی دوست اور کافی ہے اللہ ہی مددگار۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۴۵)۔

وَمَا لَکُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰہِ مِنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ ○ اور نہیں تمہارا اللہ کے سوا کوئی دوست اور مددگار۔ (پارہ ۱۱ سورہ التوبہ۔ آیت ۱۱۶)۔

وَکَفٰی بِرَبِّکَ ھَادِیًا وَّنَصِیْرًا ○ اور کافی ہے آپ کا پروردگار ہدایت اور نصرت کرنے والا۔ (پارہ ۱۹ سورۃ الفرقان۔ آیت ۳۱)۔

Marfat.com

## توبہ

اِنَّمَا التَّوْبَۃُ عَلَی اللّٰہِ لِلَّذِیْنَ یَعْمَلُوْنَ السُّوْٓءَ بِجَہَالَۃٍ ثُمَّ یَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِیْبٍ۔ توبہ تو اللہ پر انہی کے لئے ہے جو کریں بُرا کام نادانستہ، پھر توبہ کریں جلدی ہی۔ (پارہ ۴ سورہ نساء۔ آیت ۱۷)۔

فَمَنْ تَابَ مِنْ بَعْدِ ظُلْمِہٖ وَاَصْلَحَ فَاِنَّ اللّٰہَ یَتُوْبُ عَلَیْہِ ط۔ پھر جو توبہ کرے بعد اپنے ظلم کے اور اصلاح کرے تو بے شک اللہ قبول کر لیتا ہے اس کی توبہ۔ (پارہ ۷ سورہ مائدہ۔ آیت ۳۹)

وَمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّہٗ یَتُوْبُ اِلَی اللّٰہِ مَتَابًا ○ اور جو توبہ کرتا ہے اور نیک عمل کرتا ہے۔ پس وہ تو بے شک اللہ کی طرف رجوع کرتا ہے۔ (پارہ ۱۹ سورہ الفرقان۔ آیت ۷۱)۔

ھُوَ الَّذِیْ یَقْبَلُ التَّوْبَۃَ عَنْ عِبَادِہٖ۔ وہی ہے جو قبول کرتا ہے توبہ اپنے بندوں کی۔ (پارہ ۲۵ سورہ الشوریٰ آیت ۲۵)۔

تُوْبُوْٓا اِلَی اللّٰہِ تَوْبَۃً نَّصُوْحًا ط توبہ کرو اللہ کی جناب میں توبہ سچی۔ (پارہ ۲۸ سورہ التحریم۔ آیت ۸)۔

Marfat.com

## اللہ کی رسّی کو مضبوطی سے پکڑ لو۔

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا۔
اللہ کی رسّی کو سب مل کر مضبوط پکڑ لو اور تفرقہ اندازی نہ کرو۔
(پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۰۳)۔

## اللہ کا پسندیدہ دین صرف اسلام ہے۔

اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ۝ بے شک اللہ کے نزدیک دین تو اسلام ہی ہے۔ (پارہ ۳ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۹)۔
اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ؕ آج میں نے کامل کر دیا تمہارے لئے تمہارا دین اور میں نے پوری کر دی تم پر اپنی نعمت اور پسند کیا تمہارے لئے دین اسلام۔ (پارہ ۶ سورہ مائدہ آیت ۳)۔

فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ ۝ تو بلا شک اللہ کی جماعت ہی غالب ہے۔ (پارہ ۶ سورہ مائدہ۔ آیت ۵۶)۔

وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ؕ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ ذٰلِكَ هُوَ

Marfat.com

اَلۡفَوۡزُ الۡعَظِیۡمُ ○ وعدہ کر لیا ہے اللہ نے مسلمان مردوں اور مُسلمان عورتوں سے بہشتوں کا، جاری ہیں جن کے نیچے نہریں کہ وہ ہمیشہ رہیں گے اُن میں اور پاکیزہ مکانوں کا دائمی باغوں میں اور خوشنودی خدا کی سب سے بڑھ کر ہوگی، یہی ہے بڑی بھاری کامیابی۔ (پارہ ۱۰ سورہ التوبہ۔ آیت ۷۲)۔

ذٰلِکَ الدِّیۡنُ الۡقَیِّمُ وَلٰکِنَّ اَکۡثَرَ النَّاسِ لَا یَعۡلَمُوۡنَ ○

یہی ہے دین برحق، لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ (پارہ ۱۲ سورہ یوسف۔ آیت ۴۰)۔

اَلَاۤ اِنَّ حِزۡبَ اللّٰہِ ھُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ○ سُنو! بلاشبہ اللہ ہی کا گروہ ہے فلاح پانے والا۔ (پارہ ۱۸ سورہ المجادلہ۔ آیت ۲۲)۔

## اِحسان کرو۔

وَبِالۡوَالِدَیۡنِ اِحۡسَانًا وَّبِذِی الۡقُرۡبٰی وَالۡیَتٰمٰی وَالۡمَسٰکِیۡنِ وَالۡجَارِ ذِی الۡقُرۡبٰی وَالۡجَارِ الۡجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالۡجَنۡۢبِ وَابۡنِ السَّبِیۡلِ ۙ وَمَا مَلَکَتۡ اَیۡمَانُکُمۡ ؕ

اور احسان کرو ماں باپ پر اور قرابت والوں اور یتیموں اور مسکینوں اور قریبی ہمسایہ اور اجنبی ہمسایہ اور ہم مجلس اور مسافر اور غلام سے اور جو تمہارے ملک یمین میں ہے۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۳۶)۔

Marfat.com

وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۭ اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا ۝ اور ماں باپ سے بھلائی کرو، اگر پہنچے تمہارے سامنے بڑھاپے کو ایک ان میں سے یا دونوں، تو نہ کہو اُن کو اُف تک اور نہ جھڑکو اُن کو اور کہو اُن سے بات ادب کی۔ (پارہ ۱۵ سورہ بنی اسرائیل۔ آیت ۲۳)۔

وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ۝ اور جھکا اُن کے لئے بازو انکساری کا مہربانی سے اور دُعا کر اے رب! رحم فرما اُن پر جیسا کہ پرورش کی انہوں نے میری چھٹپنے ہیں۔ (پارہ ۱۵ سورہ بنی اسرائیل۔ آیت ۲۴)۔

وَاَحْسِنْ كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ ۔ اور احسان کر جیسا کہ اللہ نے تیرے ساتھ احسان کیا۔ (پارہ ۲۰ سورہ القصص۔ آیت ۷۷)۔

## عفو و درگزر۔

وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ اور جو (لوگ) پی جاتے ہیں غصے کو اور معاف کر دیتے ہیں لوگوں کو، اور اللہ دوست رکھتا ہے نیکی کرنے والوں کو۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۳۴)۔

Marfat.com

خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ۝ اختیار کیجئے درگزر اور حکم دیجئے نیک امر کا اور کنارہ کیجئے جاہلوں سے۔ (پارہ ۹ سورہ الاعراف۔ آیت ۱۹۹)۔

وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَاِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ ۝ اور جو لوگ پرہیز کرتے ہیں کبیرہ گناہوں اور بے حیائی کے کاموں سے اور جب غضب میں ہوتے ہیں تو وہ معاف کر دیتے ہیں۔ (پارہ ۲۵ سورہ الشوریٰ۔ آیت ۳۷)

فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ۝ پس جس نے معاف کر دیا اور صلح کر لی، سو اس کا اجر اللہ کے ذمّے ہے، بے شک وہ نہیں پسند کرتا ظالموں کو (پارہ ۲۵ سورہ الشوریٰ۔ آیت ۴۰)۔

## ہجرت

وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَجِدْ فِي الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّسَعَةً ؕ اور جو ہجرت کرے اللہ کی راہ میں وہ پائے گا زمین میں ہجرت کی جگہ کافی اور کشائش۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۱۰۰)۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ؕ

Marfat.com

اور جو لوگ ایمان لے آئے اور انہوں نے ہجرت کی اور جہاد کیا اللہ کی راہ میں اور جنہوں نے پناہ دی اور مدد کی، وہی ہیں مومن سچے۔ (پارہ ۱۰ سورہ الانفال۔ آیت ۷۴)۔

## عبرتیں اور نصیحتیں

اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ ۝ بے شک پیدا کرنے میں آسمانوں اور زمین کے اور بدل کر لانے میں رات اور دن کے البتہ نشان ہیں عقل والوں کے لئے۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۹۰)۔

وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ط اور نہ تمنّا کرو اس کی جس چیز سے بزرگی دی اللہ نے تم میں سے بعض کو بعض پر۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۳۲)۔

مَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَّكُنْ لَّهٗ نَصِيْبٌ مِّنْهَا ج وَمَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا ط جو سفارش کرے سفارش نیک، ہوگا اس کا حصّہ اس میں سے اور جو سفارش کرے سفارش بُری، ہوگا اُسے بھی حصّہ اس میں سے۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۸۵)۔

اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا وَيُسْتَهْزَاُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِیْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖ

Marfat.com

اِنَّكُمْ إِذًا مِّثْلُهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْكٰفِرِيْنَ فِيْ جَهَنَّمَ جَمِيْعًا ۙ کہ جب سنو تم یہ کہ آیاتِ الٰہی کا انکار کیا جاتا ہے اور ان کا تمسخر اُڑایا جاتا ہے تو نہ بیٹھو اُن کے ساتھ، یہاں تک کہ وہ لگ جائیں کسی دوسری بات میں، ورنہ تم بھی تب انہی جیسے ہو جاؤ گے، بلاشک اللہ جمع کرنے والا ہے سب منافقوں اور کافروں کو جہنم میں۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۱۴۰)۔

اَللّٰهُ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۔ اللہ ہرگز نہیں بدلا کرتا وہ نعمت جو اُس نے دے رکھی ہے کسی قوم کو جب تک کہ وہی (انہ) بدل دیں جو کچھ اُن کے دلوں میں ہے۔ (پارہ ۱۰ سورہ الانفال۔ آیت ۵۳)۔

قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا ۚ۔ کہہ دیجئے ہرگز نہیں پہنچے گی ہمیں کوئی مصیبت مگر جو لکھ رکھی ہے اللہ نے ہمارے لئے۔ (پارہ ۱۰ سورہ التوبہ۔ آیت ۵۱)۔

وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ اِلَّا ظَنًّا ؕ اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْئًا ؕ اور نہیں چلتے اکثر ان میں سے مگر ظن پر۔ بے شک ظن تو کام نہیں دیتا حق کے مقابلے میں کچھ بھی۔ (پارہ ۱۱ سورہ یونس۔ آیت ۳۶)۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْئًا وَّلٰكِنَّ النَّاسَ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۞ بے شک اللہ ظلم نہیں کرتا لوگوں پر

Marfat.com

کچھ بھی، لیکن لوگ خود ہی اپنے آپ پر ظلم کرتے ہیں۔ (پارہ ۱۱ سورہ یونس۔ آیت ۴۴)۔

اِنَّ الْحَسَنٰتِ یُذْهِبْنَ السَّیِّاٰتِ ؕ۔ بے شک نیکیاں دور کر دیتی ہیں برائیوں کو۔ (پارہ ۱۲ سورہ ہود۔ آیت ۱۱۴)۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا یُغَیِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ؕ بے شک اللہ نہیں بدلتا کسی قوم کی حالت، جب تک کہ وہ خود (نہ) بدل دیں، جو اُن کے دِلوں میں ہے۔ (پارہ ۱۳۔ سورہ الرعد۔ آیت ۱۱)۔

مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا یَسْتَاْخِرُوْنَ ○ نہیں آگے بڑھ سکتی کوئی اُمت اپنی اجل سے اور نہ وہ پیچھے رہ سکتی ہے۔ (پارہ ۱۴ سورہ الحجر۔ آیت ۵)۔

وَمَنْ یَّشْکُرْ فَاِنَّمَا یَشْکُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ۔ اور جو بھی شکر کرتا ہے، سو وہ شکر کرتا ہے اپنے ہی لئے۔ (پارہ ۲۱ سورہ لقمٰن۔ آیت ۱۲)۔

وَمَا اَصَابَکُمْ مِنْ مُصِیْبَةٍ فَبِمَا کَسَبَتْ اَیْدِیْکُمْ وَیَعْفُوْا عَنْ کَثِیْرٍ ○ اور جو بھی پہنچتی ہے تم کو مصیبت، سو وہ بسبب ان عملوں کے ہے جو کمائے تمہارے ہاتھوں نے اور وہ معاف کر دیتا ہے بہت سے گناہ۔ (پارہ ۲۵ سورہ الشوریٰ۔ آیت ۳۰)۔

Marfat.com

لَا یَسْتَوِیْٓ اَصْحٰبُ النَّارِ وَ اَصْحٰبُ الْجَنَّۃِ ط نہیں برابر دوزخ والے اور جنّت والے (پارہ ۲۸ سورۃ الحشر۔ آیت ۲۰)۔

کُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا کَسَبَتْ رَھِیْنَۃٌ ۙ ہر ایک شخص اپنے اعمال کے بدلے گروی ہے۔ (پارہ ۲۹ سورۃ المدثر۔ آیت ۳۸)۔

فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۙ پس بے شک ہر مشکل کے ساتھ آسانی ہے۔ (پارہ ۳۰ سورہ الم نشرح۔ آیت ۵)۔

فَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ خَیْرًا یَّرَہٗ ؕ وَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ شَرًّا یَّرَہٗ ۝ پس جو کرے گا برابر ایک ذرہ کے نیکی، وہ اس کو دیکھ لے گا اور جو کرے گا ایک ذرہ کے برابر بدی، وہ بھی اُسے دیکھ لے گا۔ (پارہ ۳۰ سورہ الزلزال۔ آیت ۷۔۸)۔

## سوائے اللہ کے ہر چیز فانی ہے۔

کُلُّ شَیْءٍ ھَالِکٌ اِلَّا وَجْھَہٗ ط۔ ہر چیز ہلاک ہونے والی ہے سوا اس کی ذات کے (پارہ ۲۰ سورہ القصص۔ آیت ۸۸)۔

کُلُّ مَنْ عَلَیْھَا فَانٍ ۝ جو کوئی اس زمین پہ ہے سب فنا ہونے والا ہے۔ (پارہ ۲۷ سورہ الرحمٰن۔ آیت ۲۶)۔

وَّیَبْقٰی وَجْہُ رَبِّکَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِکْرَامِ ۝ اور باقی رہے گی ذات آپ کے پروردگار کی جو بڑی شان اور عظمت والا ہے۔ (پارہ ۲۷ سورہ الرحمٰن۔ آیت ۲۷)۔

Marfat.com

## غرور نہ کرو۔

اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ مَنْ کَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرًا ۝ بلاشک اللہ پسند نہیں کرتا اس کو جو متکبّر شیخی خورہ ہو۔ (پارہ ۵۔ سورہ نساء۔ آیت ۳۶)۔

وَلَا تَمْشِ فِی الْاَرْضِ مَرَحًا ۚ اِنَّکَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ۔ اور نہ چل زمین میں اکڑکر، بلاشبہ تو پھاڑ نہ سکے گا زمین کو۔ (پارہ ۱۵ سورہ بنی اسرائیل۔ آیت ۳۷)۔

اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْفَرِحِیْنَ ۝ بے شک اللہ اترانے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ (پارہ ۲۰ سورہ القصص۔ آیت ۷۶)۔

وَاللّٰہُ لَا یُحِبُّ کُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ۝ اور اللہ نہیں پسند کرتا ہے ہر اترانے والے شیخی خورے کو۔ (پارہ ۲۷ سورہ الحدید۔ آیت ۲۳)۔

## حق باطل پر غالب ہے۔

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ۝ پس ثابت ہو گیا حق اور ملیا میٹ ہو گیا جو وہ کر رہے تھے۔ (پارہ ۹ سورہ الاعراف۔ آیت ۱۱۸)۔

وَیُحِقُّ اللّٰہُ الْحَقَّ بِکَلِمٰتِہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝

Marfat.com

اور ثابت کر دے گا اللہ حق کو اپنے حکم سے اگرچہ بُرا مانیں مجرم لوگ (پارہ ۱۱ سورہ یونس۔ آیت ۸۲)۔

جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ○ آگیا حق اور بھاگ نکلا جھوٹ، بے شک جھوٹ تھا بھاگنے ہی والا۔ (پارہ ۱۵ سورہ بنی اسرائیل۔ آیت ۸۱)۔

وَيَمْحُ اللّٰهُ الْبَاطِلَ وَيُحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ ؕ اور مٹا دیتا ہے اللہ باطل کو اور ثابت کر دیتا ہے حق کو اپنے کلام سے۔ (پارہ ۲۵ سورہ الشوریٰ۔ آیت ۲۴)۔

وَاِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْئًا ○ اور واقعی اٹکل نہیں کام آئے گی حق کے سامنے کچھ بھی۔ (پارہ ۲۷ سورہ النجم۔ آیت ۲۸)۔

## بھلائی اللہ کی طرف سے ہے۔

مَآ اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ز وَمَآ اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَّفْسِكَ ؕ جو پہنچتی ہے تجھے بھلائی کی قسم سے تو وہ اللہ کی طرف سے ہے اور جو پہنچتی ہے تجھے بُرائی کی قسم سے تو وہ تیرے نفس کی طرف سے ہے۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۷۹)۔

اِنَّمَا عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ○ بلاشبہ جو اللہ کے یہاں ہے وہ بہتر ہے تمہارے لئے اگر تم علم

Marfat.com

رکھتے ہو۔ (پارہ ۱۴ سورہ النحل۔ آیت ۹۵)۔

# اولیاء اللہ کی شان

وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ○ اور نہ انہیں کوئی خوف ہو گا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ (پارہ ۳ سورۃ بقر۔ آیت ۲۶۲)۔

وَذٰلِكَ جَزَآءُ الْمُحْسِنِينَ ○ اور یہ ہے جزا نیکی کرنے والوں کی۔ (پارہ ۷ سورہ مائدہ۔ آیت ۸۵)۔

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ط اللہ اُن سے راضی اور وہ اس سے راضی۔ (پارہ ۷ سورہ مائدہ۔ آیت ۱۱۹)

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ○ یاد رکھو کہ جو اللہ کے دوست ہیں، نہ کوئی خوف ہو گا انہیں اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ (پارہ ۱۱ سورہ یونس۔ آیت ۶۲)۔

اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ○ بلاشبہ جنہوں نے کہا کہ ہمارا پروردگار اللہ ہے، پھر اسی پر جمے رہے، پس نہیں کوئی خوف ان پر اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ (پارہ ۲۶ سورہ الاحقاف۔ آیت ۱۳)۔

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ○ وعدہ کیا اللہ نے اُن سے جو

Marfat.com

ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے ان میں سے بخشش اور اجرِ عظیم کا۔ (پارہ ۲۶ سورہ الفتح - آیت ۲۹)۔

اُولٰٓئِكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ○ یہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں۔ (پارہ ۲۶ - سورہ الحجرات - آیت ۷)۔

## شیطان کی پیروی نہ کرو۔

وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ ○ اور نہ پیروی کرو شیطان کے قدموں کی۔ بلاشبہ وہ تمہارا صریح دشمن ہے۔ (پارہ ۸ سورہ الانعام - آیت ۱۴۲)۔

اِنَّ الشَّیْطٰنَ لَكُمَا عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ ○ بلاشبہ شیطان تمہارا کھلا دشمن ہے۔ (پارہ ۸ سورہ الاعراف - آیت ۲۲)۔

اِنَّ الشَّیْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ ○ بلاشبہ شیطان تو انسان کا دشمن ہے کھلا۔ (پارہ ۱۲ سورہ یوسف - آیت ۵)۔

وَقَالَ الشَّیْطٰنُ لَمَّا قُضِیَ الْاَمْرُ اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدْتُّكُمْ فَاَخْلَفْتُكُمْ ؕ وَمَا كَانَ لِیَ عَلَیْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّآ اَنْ دَعَوْتُكُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِیْ ج فَلَا تَلُوْمُوْنِیْ وَلُوْمُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ مَآ اَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُصْرِخِیَّ ؕ اِنِّیْ كَفَرْتُ بِمَآ اَشْرَكْتُمُوْنِ مِنْ قَبْلُ ؕ اور کہے گا شیطان جبکہ فیصلہ ہو چکے گا سب امور کا کہ

Marfat.com

بے شک اللہ نے وعدہ کیا تھا تم سے وعدہ سچا اور میں نے وعدہ کیا تم سے اور پھر خلاف وعدہ کیا تم سے اور نہیں تھا میرا تم پر کوئی زور سوا اس کے کہ میں نے بلایا تم کو پھر تم نے مان لیا میرا کہنا۔ پس ملامت نہ کرو مجھے اور ملامت کرو اپنے آپ کو، نہ ہی تمہاری فریاد کو پہنچ سکتا ہوں اور نہ ہی تم میری فریاد کو پہنچ سکتے ہو۔ میں تو انکار کرتا ہوں اس کا جو تم مجھے شریکِ خدا ٹھہراتے تھے اس سے پہلے۔ (پارہ ۱۳ سورہ ابراہیم۔ آیت ۲۲)۔

اِنَّمَا النَّجْوٰى مِنَ الشَّيْطٰنِ۔ بلاشبہ کانا پھوسی تو شیطان کا کام ہے۔ (پارہ ۲۸ سورہ المجادلہ۔ آیت ۱۰)۔

اَلَآ اِنَّ حِزْبَ الشَّيْطٰنِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝ سنو! بلاشبہ گروہِ شیطان ہی خسارہ اٹھانے والا ہے۔ (پارہ ۲۸۔ سورہ المجادلہ۔ آیت ۱۹)۔

## قتلِ ناحق بہت بڑا گناہ ہے۔

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَـًٔا ج
اور نہیں حق کسی مسلمان کا کہ قتل کرے کسی مسلمان کو مگر غلطی سے۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۹۲)۔

وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خٰلِدًا فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا

Marfat.com

عَظِیْمًا ○ اور جو قتل کرے کسی مومن کو عمدًا تو اُس کی سزا ہے دوزخ، ہمیشہ رہے گا اُس میں اور غضب ہوُا اللہ کا اُس پر اور اُس کو لعنت کی اور تیاّر کیا اُس کے لئے عذاب بڑا۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۹۳)۔

وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ط اور نہ قتل کرو اُس جان کو جس کو حرام کر دیا اللہ نے بجز حق کے۔ (پارہ ۱۵ سورہ بنی اسرائیل۔ آیت ۳۳)۔

## فضول خرچی نہ کرو۔

اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ الْمُسْرِفِیْنَ ○ بے شک وہ نہیں پسند کرتا اسراف کرنے والوں کو۔ (پارہ ۸ سورہ انعام۔ آیت ۱۴۱)۔

وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا ج اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ الْمُسْرِفِیْنَ ○ اور کھاؤ اور پیو اور اسراف نہ کیا کرو۔ بے شک وہ اسراف کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ (پارہ ۸ سورہ الاعراف آیت ۳۱)۔

اِنَّ الْمُبَذِّرِیْنَ كَانُوْۤا اِخْوَانَ الشَّیٰطِیْنِ ط وَكَانَ الشَّیْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا ○ بلاشبہ فضول خرچی کرنے والے بھائی ہیں شیطانوں کے اور ہے شیطان اپنے رب کا بڑا ناشکرا۔ (پارہ ۱۵ سورہ بنی اسرائیل۔ آیت ۲۷)۔

Marfat.com

## ناپ تول میں کمی نہ کرو۔

فَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ۔ پس ناپ اور تول پورا کیا کرو۔ (پارہ ۸ سورہ الاعراف۔ آیت ۸۵)۔

اَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ۔ پورا کیا کرو ناپ اور تول انصاف کے ساتھ اور نہ کم دیا کرو لوگوں کو اُن کی چیزیں۔ (پارہ ۱۲ سورہ ہود آیت ۸۵)۔

وَاَوْفُوا الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ○ اور پورا کرو ناپ جب تم ناپا کرو اور تولو سیدھی ترازو سے، یہی بہتر ہے اور اچھا ہے انجام کے لحاظ سے۔ (پارہ ۱۵ سورہ بنی اسرائیل۔ آیت ۳۵)۔

وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ○ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ۔ اور تولا کرو سیدھی ترازو سے اور لوگوں کو ان کی چیزیں کم نہ دیا کرو۔ (پارہ ۱۹ سورہ الشعراء۔ آیت ۱۸۲، ۱۸۳)۔

وَاَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ ○ اور قائم کرو وزن کو انصاف سے اور کم نہ کرو تول کو۔ (پارہ ۲۷ سورہ الرحمٰن۔ آیت ۹)۔

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ ○ الَّذِيْنَ اِذَا اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ

Marfat.com

يَسْتَوْفُوْنَ ○ وَإِذَا كَالُوْهُمْ اَوْ وَّزَنُوْهُمْ يُخْسِرُوْنَ ○
تباہی ہے کم تولنے والوں کے لئے، وہ لوگ کہ جب ماپ کر لیں
لوگوں سے تو پورا لیں اور جب ماپ کر دیں اُن کو یا تول کر دیں
تو گھٹا کر دیں۔ (پارہ ۳۰ سورہ المطففین۔ آیت ۱، ۲، ۳)۔

## لوگوں کے مال کو ناجائز طریقوں سے نہ کھاؤ۔

لَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ اِلَّآ اَنْ
تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِّنْكُمْ قف۔ نہ کھاؤ مال ایک دوسرے
کا آپس میں ناجائز طور پر مگر یہ کہ ہو تجارت رضامندی سے آپس
میں۔ (پارہ ۵۔ سورہ نساء آیت ۲۹)۔

اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَهْلِهَا۔
بلاشبہ اللہ حکم دیتا ہے تم کو کہ ادا کرو امانتیں اُن کے مالکوں
کو۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۵۸)۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا اَثِيْمًا ○ لا
بلاشک اللہ نہیں پسند کرتا اُس کو جو ہو خیانت کرنے والا مجرم۔
(پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۱۰۷)۔

لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبٰتِ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ۔ نہ حرام
ٹھہراؤ وہ پاکیزہ چیزیں جو حلال فرمائیں اللہ نے۔ (پارہ ۷
سورہ مائدہ۔ آیت ۸۷)۔

Marfat.com

وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ۔ اور مالِ یتیم کے قریب نہ جاؤ۔ (پارہ ۸ سورہ الانعام۔ آیت ۱۵۲)۔

وَاَنَّ اللّٰہَ لَا یَھْدِیْ کَیْدَ الْخَآئِنِیْنَ ○ اور کہ اللہ نہیں راست لاتا فریب کو خیانت کرنے والوں کے لئے۔ (پارہ ۱۲ سورہ یوسف۔ آیت ۵۲)۔

اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ کُلَّ خَوَّانٍ کَفُوْرٍ ○ بے شک اللہ نہیں پسند کرتا ہر خیانت کرنے والے ناشکرے کو۔ (پارہ ۱۷ سورہ حج۔ آیت ۳۸)۔

## رشوت نہ لو، نہ دو۔

وَلَا تَاْکُلُوْٓا اَمْوَالَکُمْ بَیْنَکُمْ بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوْا بِھَآ اِلَی الْحُکَّامِ لِتَاْکُلُوْا فَرِیْقًا مِّنْ اَمْوَالِ النَّاسِ بِالْاِثْمِ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ○ اور نہ کھاؤ مال ایک دوسرے کے آپس میں ناجائز طور پر اور نہ پہنچاؤ اُن کو حاکموں تک، تاکہ کھا جاؤ کچھ حصہ لوگوں کے مال کا گناہ سے (ناحق) حالانکہ تم جانتے ہو۔ (پارہ ۲ سورہ البقرہ۔ آیت ۱۸۸)۔

## عہدوں کو پورا کرو۔

وَاَوْفُوْا بِعَھْدِ اللّٰہِ اِذَا عٰھَدْتُّمْ۔ اور پورا کرو

Marfat.com

عہد اللہ کا جب آپس میں عہد کر لو۔ (پارہ ۱۴ سورہ النحل۔ آیت ۹۱)۔

وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا۔ اور نہ توڑو اپنی قسموں کو بعد اُن کے پکّا کر لینے کے۔ (پارہ ۱۴ سورہ النحل آیت ۹۱)۔

## عیب جوئی، غیبت اور تمسخر۔

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اللہ پسند نہیں کرتا منہ سے بُری بات بولنا۔ (پارہ ۶ سورہ نساء آیت ۱۴۸)۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ ط کہ اللہ تو بے حیائی کا حکم نہیں دیتا۔ (پارہ ۸ سورہ الاعراف۔ آیت ۲۸)۔

لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ۔ نہ ٹھٹھا کرے ایک قوم دوسری قوم سے، عجب نہیں کہ وُہ اُن سے بہتر ہوں۔ (پارہ ۲۶ سورہ الحجرات۔ آیت ۱۱)۔

وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ج۔ اور نہ عورتیں ٹھٹھا کریں دُوسری عورتوں سے، کچھ بعید نہیں کہ وہ اُن سے بہتر ہوں۔ (پارہ ۲۶ سورہ الحجرات۔ آیت ۱۱)۔

وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ط

Marfat.com

اور نہ طعنے دو ایک دُوسرے کو اور نہ نام دھرو ایک دُوسرے کے۔ (پارہ ۲۶ سورہ الحجرات۔ آیت ۱۱)۔

وَلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا یَغْتَبْ بَّعْضُکُمْ بَعْضًا ؕ اَیُحِبُّ اَحَدُکُمْ اَنْ یَّاْکُلَ لَحْمَ اَخِیْہِ۔ اور کسی کی عیب جوئی نہ کرو اور غیبت نہ کرے کوئی تم میں سے دوسرے کی، کیا پسند کرتا ہے تم میں سے کوئی یہ کہ کھائے گوشت اپنے مُردہ بھائی کا۔ (پارہ ۲۶ سورہ الحجرات۔ آیت ۱۲)۔

## اِنصاف کرو۔

وَاِذَا حَکَمْتُمْ بَیْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْکُمُوْا بِالْعَدْلِ ؕ اور جب فیصلہ کرو درمیان لوگوں کے تو فیصلہ کرو انصاف سے۔ (پارہ ۵ سورہ نِساء۔ آیت ۵۷)۔

لَا یَجْرِمَنَّکُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓی اَلَّا تَعْدِلُوْا ؕ اِعْدِلُوْا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰی ز۔ (دیکھو یاد رکھو) کسی قوم کی دشمنی تمہیں عدل و انصاف سے باز نہ رکھے۔ انصاف کرو کہ انصاف کرنا پرہیزگاری (تقویٰ) سے بہت قریب ہے۔ (پارہ ۶ سورہ مائدہ آیت ۸)۔

وَاِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَلَوْ کَانَ ذَا قُرْبٰی ج۔ ہمیشہ انصاف کی بات کیا کرو، خواہ (مقابلے پر) تمہارا کوئی عزیز ہی

Marfat.com

کیوں نہ ہو۔ (پارہ ۸ سورہ انعام۔ آیت ۸)۔

فَاَصْلِحُوْا بَیْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُقْسِطِیْنَ ○ تو صلح کرا دو اُن دونوں میں انصاف سے اور انصاف کرو بے شک اللہ دوست رکھتا ہے انصاف کرنے والوں کو۔ (پارہ ۲۶ سورہ الحجرات۔ آیت ۹)۔

اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُقْسِطِیْنَ ○ بے شک اللہ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ (پارہ ۲۸ سورہ الممتحنہ۔ آیت ۸)۔

## جھوٹ نہ بولو۔

فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِیْنَ ○ اور اللہ کی لعنت کریں جھوٹوں پر۔ (پارہ ۳ سورہ آل عمران۔ آیت ۶۱)۔

وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا ۙ اور کہو بات سیدھی (سچی)۔ (پارہ ۲۲ سورہ الاحزاب۔ آیت ۷۰)۔

## شک کرنا گناہ ہے۔

اجْتَنِبُوْا كَثِیْرًا مِّنَ الظَّنِّ ز اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ۔ الگ رہو بہت شک کرنے سے، بے شک بعض شک گناہ ہے۔ (پارہ ۲۶۔ سورہ الحجرات۔ آیت ۱۲)۔

Marfat.com

## مُسلمان آپس میں بھائی ہیں۔

وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَیْنَھُمَاج ۔ اور اگر دو گروہ مسلمانوں کے آپس میں لڑیں، تو صلح کرا دو اُن کے درمیان۔ (پارہ ۲۶ سورہ الحجرات۔ آیت ۹)۔

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَۃٌ فَاَصْلِحُوْا بَیْنَ اَخَوَیْکُمْ وَاتَّقُوا اللّٰہَ لَعَلَّکُمْ تُرْحَمُوْنَ ○ بے شک مسلمان تو آپس میں بھائی ہیں، سو صلح کرا دو اپنے بھائیوں میں اور ڈرو اللہ سے، تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔ (پارہ ۲۶ سورہ الحجرات۔ آیت ۱۰)۔

## دُنیا اور آخرت۔

وَمَنْ یُّرِدْ ثَوَابَ الدُّنْیَا نُؤْتِہٖ مِنْھَاۚ وَمَنْ یُّرِدْ ثَوَابَ الْاٰخِرَۃِ نُؤْتِہٖ مِنْھَا۔ اور جو چاہتا ہے ثواب دنیا کا ہم دیتے ہیں اُس کو اُس سے اور جو چاہتا ہے ثواب آخرت کا ہم دیتے ہیں اُس کو اُس سے۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۴۵)۔

وَحُسْنَ ثَوَابِ الْاٰخِرَۃِط اور اچھا ہے ثواب آخرت کا۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۴۸)۔

مِنْکُمْ مَنْ یُّرِیْدُ الدُّنْیَا وَمِنْکُمْ مَنْ یُّرِیْدُ

Marfat.com

اَلْاٰخِرَۃَ - تم میں سے بعض وہ ہے جو دنیا چاہتا ہے اور بعض وہ ہے جو آخرت چاہتا ہے ۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران - آیت ۱۵۲) -

وَمَا الْحَیٰوۃُ الدُّنْیَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ - اور نہیں ہے زندگی دُنیا کی مگر سامان دھوکے کا - (پارہ ۴ سورہ آل عمران آیت ۱۸۴) -

مَنْ کَانَ یُرِیْدُ ثَوَابَ الدُّنْیَا فَعِنْدَ اللّٰہِ ثَوَابُ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ ط جو کوئی چاہے ثواب دنیا کا تو اللہ کے پاس ہے ثواب دنیا اور آخرت کا (پارہ ۵ سورہ نساء - آیت ۱۳۴) -

وَمَا الْحَیٰوۃُ الدُّنْیَآ اِلَّا لَعِبٌ وَّ لَھْوٌ وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَۃُ خَیْرٌ لِّلَّذِیْنَ یَتَّقُوْنَ ط اور نہیں زندگی دنیا کی مگر کھیل اور جی بہلانا اور البتہ آخرت کا گھر بہتر ہے اُن کے لئے جو پرہیزگار ہیں - (پارہ ۷ سورہ الانعام - آیت ۳۲) -

فَمَا مَتَاعُ الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا فِی الْاٰخِرَۃِ اِلَّا قَلِیْلٌ ○ سو نہیں ہے فائدہ زندگیٔ دنیا کا آخرت کے مقابلے میں مگر ہیچ -
(پارہ ۱۰ سورہ التوبہ - آیت ۳۸) -

مَنْ کَانَ یُرِیْدُ الْحَیٰوۃَ الدُّنْیَا وَزِیْنَتَھَا نُوَفِّ اِلَیْھِمْ اَعْمَالَھُمْ فِیْھَا وَھُمْ فِیْھَا لَا یُبْخَسُوْنَ ○ اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ لَیْسَ لَھُمْ فِی الْاٰخِرَۃِ اِلَّا النَّارُ - جو شخص چاہے زندگی دنیا کی اور اُس کی آرائش تو ہم پورا دے

Marfat.com

دیتے ہیں بدلہ اُن کے اعمالوں کا اُسی (دنیا) میں اور وہ دنیا میں گھاٹے میں نہیں رہتے۔ یہی لوگ ہیں کہ نہیں اُن کے لئے آخرت میں سوا آگ کے۔ (پارہ ۱۲ سورہ ہود۔ آیت ۱۵-۱۶)۔

اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِیْنَةُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَالْبٰقِیٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَیْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَیْرٌ اَمَلًا ○

مال اور بیٹے ہیں زیبائش زندگیٔ دنیا کی اور باقی رہنے والی نیکیاں بہتر ہیں آپ کے رب کے یہاں ثواب کے لحاظ سے اور بہتر ہیں توقع کے اعتبار سے۔ (پارہ ۱۵ سورہ الکہف۔ آیت ۴۶)۔

وَمَا هٰذِهِ الْحَیٰوةُ الدُّنْیَآ اِلَّا لَهْوٌ وَّلَعِبٌ ط اور نہیں یہ زندگی دنیا کی مگر لہو ولعب۔ (پارہ ۲۱ سورہ العنکبوت۔ آیت ۶۴)۔

اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّزِیْنَةٌ وَّتَفَاخُرٌۢ بَیْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِی الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ ط۔

جان لو کہ یہ زندگی دنیا کی تو محض کھیل اور تماشا ہے اور زیبائش اور ایک دُوسرے پر فخر کرنا تمہارا آپس میں ایک دوسرے پر زیادتی چاہنا مال اور اولاد میں۔ (پارہ ۲۷ سورہ الحدید۔ آیت ۲۰)۔

لَنْ تُغْنِیَ عَنْهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَیْئًا۔

کبھی کام نہ آئیں گے اُن کے مال اُن کے اور نہ اولاد اُن کی اللہ کے سامنے کچھ۔ (پارہ ۲۸ سورہ المجادلہ۔ آیت ۱۷)۔

Marfat.com

اِنَّمَآ اَمْوَالُکُمْ وَاَوْلَادُکُمْ فِتْنَۃٌ ۔ بلاشبہ تمہارے مال اور تمہاری اولاد تو فتنہ ہیں۔ (پارہ ۲۸ سورہ التغابن۔آیت ۱۵)۔

## ایمان و عملِ صالح کا اجر و ثواب

اُولٰٓئِکَ جَزَآؤُھُمْ مَّغْفِرَۃٌ ۔ یہی لوگ ہیں جن کی جزا بخشش ہے۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۳۶)۔

وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُھُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِھَا الْاَنْھٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْھَآ اَبَدًا ط وَعْدَ اللّٰہِ حَقًّا ط وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰہِ قِیْلًا ○ اور وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل کئے، ہم انہیں داخل کریں گے جنّتوں میں، بہتی ہیں جن کے نیچے نہریں، وہ رہیں گے اُن میں ہمیشہ، وعدہ ہے اللہ کا سچّا اور کون ہے اللہ سے بڑھ کر بات کا سچّا۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۱۲۲)۔

مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ ○ جو کوئی ایمان لایا اللہ اور روزِ آخر پر اور عمل کئے نیک، سو نہ کوئی خوف ہوگا اُن پر اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ (پارہ ۶ سورہ مائدہ۔ آیت ۶۹)۔

اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰہِ قَرِیْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِیْنَ ○ بیشک اللہ کی رحمت نیکو کاروں کے نزدیک ہے۔ (پارہ ۸۔ سورہ

Marfat.com

الاعراف - آیت ۵۶) -

اِنَّا لَا نُضِیۡعُ اَجۡرَ الۡمُصۡلِحِیۡنَ ○ بے شک ہم ضائع نہیں کرتے اجر اصلاح کرنے والوں کا - (پارہ ۹ سورہ الاعراف - آیت ۹) -

مَنۡ عَمِلَ صَالِحًا مِّنۡ ذَکَرٍ اَوۡ اُنۡثٰی وَهُوَ مُؤۡمِنٌ فَلَنُحۡیِیَنَّهٗ حَیٰوةً طَیِّبَةً ۚ وَلَنَجۡزِیَنَّهُمۡ اَجۡرَهُمۡ بِاَحۡسَنِ مَا کَانُوۡا یَعۡمَلُوۡنَ ○ جس نے عمل کیا نیک مرد ہو یا عورت اور وہ مومن ہو، پس زندگی بخشیں گے ہم اس کو زندگی پاکیزہ اور ہم دیں گے اُن کو اُن کا صلہ اُن اچھے اعمال پر جو وہ کیا کرتے تھے۔ (پارہ ۱۴ سورہ النحل - آیت ۹۷) -

اِنَّ الَّذِیۡنَ یَخۡشَوۡنَ رَبَّهُمۡ بِالۡغَیۡبِ لَهُمۡ مَّغۡفِرَةٌ وَّ اَجۡرٌ کَبِیۡرٌ ○ بلاشبہ جو لوگ ڈرتے ہیں اپنے رب سے بن دیکھے، اُن کے لئے بخشش ہے اور اجر بہت بڑا۔ (پارہ ۲۹ سورہ الملک - آیت ۱۲) -

## خُدا کی رحمت سے مایُوس نہ ہو۔

وَلَا تَایۡئَسُوۡا مِنۡ رَّوۡحِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ لَا یَایۡئَسُ مِنۡ رَّوۡحِ اللّٰهِ اِلَّا الۡقَوۡمُ الۡکٰفِرُوۡنَ ○ اور نہ مایُوس ہو اللہ کی رحمت سے، بے شک نہیں مایوس ہوتے اللہ کی رحمت سے مگر کافر لوگ۔ (پارہ ۱۳ سورہ یوسف - آیت ۸۷) -

Marfat.com

لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ- نہ مایوس ہو اللہ کی رحمت سے ۔ (پارہ ۲۴ سورہ الزّمر- آیت ۵۳) ۔

## صراطِ مُستقیم ۔

وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ؕ وَيَهْدِىْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○ اور اللہ بلاتا ہے سلامتی کے گھر کی طرف، اور دکھاتا ہے جسے چاہے راہ سیدھی ۔ (پارہ ۱۱ سورہ یونس- آیت ۲۵) ۔

وَاِنَّ اللّٰهَ رَبِّىْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ○ اور بلاشبہ اللہ ہی میرا اور تمہارا رب ہے، پس اسی کی عبادت کرو، یہی سیدھی راہ ہے ۔ (پارہ ۱۶ سورہ مریم آیت ۳۶) ۔

## دین میں کوئی جبر نہیں ۔

لَآ اِكْرَاهَ فِى الدِّيْنِ ۔ دین میں زبردستی نہیں ۔
(پارہ ۳ سورۃ بقر- آیت ۲۵۶) ۔

## ہر گروہ اپنی حالت میں خُوش ہے ۔

كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ○ ہر گروہ اُن باتوں

Marfat.com

پر جو اُن کے پاس ہیں خُوش ہے۔ (پارہ ۲۱ سورہ الروم۔ آیت ۳۲)۔

## اچھّے بُرے اعمال کے نتائج۔

وَ وُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ○

اور پورا دیا جائے گا ہر شخص کو جو اُس نے عمل کیا ہے اور اُن پر ذرا ظلم نہیں ہوگا۔ (پارہ ۳ سورہ آل عمران۔ آیت ۲۵)۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ۚ وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا ○ بلاشبہ اللہ ظلم نہیں کرتا ذرّہ برابر کے اور اگر نیکی ہو تو دگنا کر دے گا اُس کو اور اپنے پاس سے اجر بہت بڑا دے گا۔ (پارہ ۵۔ سورہ نساء۔ آیت ۴۰)۔

وَمَنْ يَّكْسِبْ اِثْمًا فَاِنَّمَا يَكْسِبُهٗ عَلٰى نَفْسِهٖ ۭ اور جو کوئی گناہ کرتا ہے سو وہ اپنے ہی واسطے کرتا ہے۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۱۱۱)۔

مَنْ يَّعْمَلْ سُوْۗءًا يُّجْزَ بِهٖ ۙ وَلَا يَجِدْ لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرًا ○ جو کوئی کرے گا بُرا کام اس کی سزا پائے گا اور نہ پائے گا اپنے لئے اللہ کے سوائے کوئی دوست اور نہ کوئی مددگار۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۱۲۳)۔

اِنْ اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ ۣ وَاِنْ

Marfat.com

اَسَاْتُمْ فَلَهَا۔ اگر نیکی کی تم نے تو نیکی کی اپنے لئے اور اگر تم نے بُرا کیا تو اپنے لئے۔ (پارہ ۱۵ سورہ بنی اسرائیل۔ آیت ۷)۔

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ وَمَنْ اَسَاۗءَ فَعَلَيْهَا ط جس نے عمل کیا نیک سو اُس نے اپنے ہی لئے کیا اور جس نے بُرا کیا سو اسی پر ہے اُس کا وبال۔ (پارہ ۲۴ سورہ حٰمٓ السجدہ۔ آیت ۴۶)۔

## ہر شخص اپنے اعمال کا آپ جواب دہ ہوگا۔

وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ج۔ اور نہ اٹھائے گا کوئی بوجھ اٹھانے والا بوجھ دُوسرے کا۔ (پارہ ۸ سورہ انعام۔ آیت ۱۶۴)۔

وَلَتُسْئَلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ○ اور تم سے ضرور پُوچھا جائے گا اُن کی بابت جو تم کیا کرتے تھے۔ (پارہ ۱۴ سورۃ النحل آیت ۹۳)۔

كُلُّ امْرِئٍۢ بِمَا كَسَبَ رَهِيْنٌ ○ ہر شخص اپنے عمل کے ساتھ وابستہ ہے۔ (پارہ ۲۷ سورہ الطّور۔ آیت ۲۱)۔

لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ ط اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ○ بہانے نہ بناؤ، آج تم کو تو وہی بدلہ دیا جائے گا جو تم کیا کرتے تھے۔ (پارہ ۲۸ سورہ التحریم۔ آیت ۷)۔

Marfat.com

## مُردار، خُون اور لحمِ خنزیر۔

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ
حرام کیا گیا تم پر مُردار اور خون اور گوشت خنزیر کا۔ (پارہ ۶
سورہ المائدہ۔ آیت ۳)۔

## زانی کی سزا۔

اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا
مِائَةَ جَلْدَةٍ ص زنا کار عورت اور زنا کار مرد، پس لگاؤ ہر
ایک کے ان دونوں میں سے سو کوڑے۔ (پارہ ۱۸ سورہ نور۔
آیت ۲)۔

## چوری کی سزا۔

وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا اَيْدِيَهُمَا جَزَآءً
بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ ط۔ اور چور مرد اور عورت کے کاٹ دو
ہاتھ، سزا اُن کے جرم کی عبرت اللہ کی طرف سے۔ (پارہ ۶ سورہ مائدہ آیت ۳۸)۔

## شراب اور جُوئے سے بچو۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَ

Marfat.com

الْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ○ اے ایمان والو! بیشک شراب اور جُوا اور بُت اور پانسے ناپاک شیطانی عمل ہیں، سو ان سے بچتے رہو، تاکہ فلاح پاؤ۔ (پارہ ۷ سورہ مائدہ۔ آیت ۹)۔

## پاک دامن عورتوں پر تہمت نہ لگاؤ۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ الْغٰفِلٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ لُعِنُوْا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ص وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ۔ بلاشبہ جو لوگ تہمت دھرتے ہیں پاک دامن بے خبر مومن عورتوں پر، اُن پر لعنت ہے دنیا اور آخرت میں اور اُن کے لئے عذاب ہے بہت بڑا۔ (پارہ ۸ سورہ النور۔ آیت ۲۳)۔

## قیامت کے دِن سے ڈرو۔

قُلْ اِنِّيْ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ○ کہہ دیجیے مَیں ڈرتا ہوں اگر مَیں نافرمانی کروں اپنے رب کی، ایک بڑے دن کے عذاب سے۔ (پارہ ۷ سورہ انعام۔ آیت ۱۵)۔

وَيَوْمَ يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْنُ ط۔ اور جس دن وہ کہے گا ہو جا تو وہ ہو جائے گا۔ (پارہ ۷ سورہ انعام۔ آیت ۷۳)

Marfat.com

وَاِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ ○
اور بلاشبہ گھڑی آنے والی ہے پس درگزر کیجئے درگزر کرنا اچھی
طرح سے۔ (پارہ ۱۴ سورہ الحجر۔ آیت ۸۵)۔

اِنِّیْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ○ بے شک
میں ڈرتا ہوں تم پر عذاب سے ایک بڑے دن کے۔ (پارہ ۱۹
سورہ الشعراء۔ آیت ۱۳۵)۔

اِتَّقُوْا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا يَوْمًا۔ ڈرو اپنے رب سے
اور اُس دِن سے۔ (پارہ ۲۱ سورہ لقمان۔ آیت ۳۳)۔

اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ
النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ○ بے شک قیامت آنے والی ہے،
کوئی شک نہیں اس میں لیکن اکثر لوگ یقین نہیں کرتے ۔
(پارہ ۲۴ سورہ المومن۔ آیت ۵۹)۔

اِسْتَجِيْبُوْا لِرَبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا
مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ۔ مان لو حکم اپنے رب کا اس سے پہلے کہ
آ جائے وہ دن جو ٹلنے والا نہیں اللہ کی طرف سے۔ (پارہ ۲۵
سورہ الشوریٰ۔ آیت ۴۷)۔

فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ
الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ○ پس چھوڑ دیجئے ان کو وہ لگے ہیں بیہودہ
باتوں میں اور کھیل میں، یہاں تک کہ وہ دیکھ لیں وہ دن جس کا

Marfat.com

ان سے وعدہ کیا جاتا ہے۔ (پارہ ۲۹ سورہ المعارج۔ آیت ۴۲)۔

یَوۡمَ لَا تَمۡلِکُ نَفۡسٌ لِّنَفۡسٍ شَیۡـًٔا ؕ وَ الۡاَمۡرُ یَوۡمَئِذٍ لِّلّٰہِ ۝ جس دن نہ کر سکے گا کوئی کسی کے لئے کچھ بھی اور حکم اس دن اللہ ہی کا ہوگا۔ (پارہ ۳۰ سورہ الانفطار۔ آیت ۱۹)۔

وَیۡلٌ یَّوۡمَئِذٍ لِّلۡمُکَذِّبِیۡنَ ۝ الَّذِیۡنَ یُکَذِّبُوۡنَ بِیَوۡمِ الدِّیۡنِ ۝ تباہی ہے اُس دن جھٹلانے والوں کے لئے جو جھٹلاتے ہیں یوم جزا کو۔ (پارہ ۳۰۔ سورہ المطففین۔ آیت ۱۰، ۱۱)۔

## قیامت کا ہولناک منظر۔

اِنَّ اللّٰہَ عِنۡدَہٗ عِلۡمُ السَّاعَۃِ ۚ۔ بے شک اللہ ہی کے پاس ہے قیامت کا علم۔ (پارہ ۲۱ سورہ لقمٰن۔ آیت ۳۴)۔

اَلۡاَخِلَّآءُ یَوۡمَئِذٍۭ بَعۡضُہُمۡ لِبَعۡضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الۡمُتَّقِیۡنَ ۝ سب دوست اُس دن ایک دوسرے کے دُشمن ہوں گے سوائے پرہیزگاروں کے۔ (پارہ ۲۵ سورہ الزخرف۔ آیت ۶۷)

یَوَدُّ الۡمُجۡرِمُ لَوۡ یَفۡتَدِیۡ مِنۡ عَذَابِ یَوۡمِئِذٍۭ بِبَنِیۡہِ ۝ وَ صَاحِبَتِہٖ وَ اَخِیۡہِ ۝ وَ فَصِیۡلَتِہِ الَّتِیۡ تُــٔۡوِیۡہِ ۝ وَ مَنۡ فِی الۡاَرۡضِ جَمِیۡعًا ۙ ثُمَّ یُنۡجِیۡہِ ۝ چاہے گا مجرم کہ کاش! وہ بدلہ میں دے دے عذاب سے اُس دن کے

اپنے بیٹوں کو اور اپنی جورُو اور اپنے بھائی کو اور اپنے کنبہ والوں
کو جو اس کو پناہ دیا کرتے تھے اور اُن سب کو جو زمین میں ہیں۔
پھر بچالے اپنے آپ کو۔ (پارہ ۲۹ سورہ المعارج۔ آیت ۱۱ و ۱۲ و
۱۳ و ۱۴)۔

یَوْمَ یَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِیْهِ ○ وَاُمِّهٖ وَاَبِیْهِ ○
وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِیْهِ ○ جس دن بھاگے گا آدمی اپنے بھائی
سے اپنی ماں اور اپنے باپ سے اور اپنی جورو اور اپنے بیٹوں
سے۔ (پارہ ۳۰ سورہ العبس۔ آیت ۳۴ و ۳۵ و ۳۶)۔

## اللہ سخت عذاب دینے والا ہے۔

اَنَّ اللّٰهَ شَدِیْدُ الْعَذَابِ ○ کہ اللہ سخت عذاب
دینے والا ہے۔ (پارہ ۲ سورہ بقر۔ آیت ۱۶۵)۔

اَنَّ اللّٰهَ شَدِیْدُ الْعِقَابِ ○ اللہ سخت عذاب دینے
والا ہے۔ (پارہ ۲ سورہ بقر۔ آیت ۱۹۶)۔

وَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِیْٓ اُعِدَّتْ لِلْکٰفِرِیْنَ ○ اور ڈرو
اُس آگ سے جو کافروں کے لئے تیار کی گئی ہے۔ (پارہ ۴۔
سورہ آل عمران۔ آیت ۱۳۱)۔

اِنِّیْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ○ میں تو خوف کھاتا
ہوں اللہ سے جو رب ہے سارے جہانوں کا۔ (پارہ ۶ سورہ مائدہ۔ آیت ۲۸)

Marfat.com

اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُوْرًا ○ بے شک عذاب آپ کے رب کا ڈرنے ہی کی چیز ہے۔ (پارہ ۱۵ سورۂ بنی اسرائیل آیت ۵۷)

مَنْ يُّشَاقِّ اللّٰهَ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ○ اور جو مخالفت کرے اللہ کی تو بے شک اللہ سخت عذاب دینے والا ہے۔ (پارہ ۲۸ سورہ الحشر۔ آیت ۴)۔

## مومنوں کی دُعائیں

اٰمِيْنَ ط ایسا ہی ہو۔ (پارہ ۱ سورہ فاتحہ)۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ○ مَیں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں اس لئے کہ مَیں جاہلوں میں سے ہوں ــــ (پارہ ۱ سورہ بقر۔ آیت ۶۷)۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○ اے ہمارے رب! ہم سے قبول کر بے شک تو ہی بڑا سننے والا جاننے والا ہے۔ (پارہ ۱ سورہ بقر۔ آیت ۱۲۷)۔

رَبَّنَا اٰتِنَا فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِى الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں نیکی اور آخرت میں بھی نیکی دے اور ہم کو عذاب دوزخ سے بچا۔ (پارہ ۲ سورہ بقر۔ آیت ۲۰۱)۔

وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○ اور اس کافر قوم

پر ہماری مدد کر۔ (پارہ ۲ سورہ بقر۔ آیت ۲۵۰)۔
غُفْرَانَكَ وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ○ اے ہمارے رب! ہم تیری بخشش
مانگتے ہیں اور تیری ہی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ (پارہ ۳ سورہ بقر۔ آیت ۲۸۵)
رَبَّنَا فَاغْفِرْ ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا ۔ اے
رب ہمارے! پس بخش دے ہمارے لئے ہمارے گناہ اور دُور کر
ہم سے ہماری بُرائیاں۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۹۳)۔
وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۔ اور بنا ہمارے لئے
اپنی جناب سے کوئی دوست۔ (پارہ ۵ سورہ نسا۔ آیت ۷۴)۔
وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ۔ اور بنا ہمارے لئے
اپنی سرکار سے کوئی مددگار۔ (پارہ ۵ سورہ نسا۔ آیت ۷۴)۔
رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ○ اے ہمارے
رب! ہم ایمان لائے پس لکھ دے ہمیں شہادت دینے والوں
کے ساتھ۔ (پارہ ۷ سورہ مائدہ۔ آیت ۸۳)۔
رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ
خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ○ اے ہمارے رب! فیصلہ کر ہمارے اور
ہماری قوم کے درمیان انصاف کے ساتھ اور تو ہی سب سے بہتر
فیصلہ کرنے والا ہے۔ (پارہ ۹ سورہ الاعراف۔ آیت ۸۹)۔
وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ○ اور اللہ ہی
سے مدد مانگتا ہوں اُس پر جو تم بیان کرتے ہو۔ (پارہ ۱۲۔

Marfat.com

سورہ یوسف۔ آیت ۱۸)۔

اِنَّ رَبِّیْ لَسَمِیْعُ الدُّعَآءِ۔ بے شک میرا رب سنتا ہے دُعا کو۔ (پارہ ۱۳ سورہ ابراہیم۔ آیت ۳۹)۔

رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ ○ اے ہمارے رب! بخش مجھ کو اور میرے ماں باپ کو اور سب ایمان والوں کو جس دن قائم ہو حساب۔ (پارہ ۱۳ سورہ ابراہیم۔ آیت ۴۱)۔

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَاج اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ○ اے ہمارے رب! نہ بنا ہمیں تختۂ مشق اُن کا جو کافر ہیں اور معاف کر ہم کو اے ہمارے رب! بے شک تُو ہی بڑا غالب حکمت والا ہے۔ (پارہ ۲۸۔ سورہ الممتحنہ۔ آیت ۵)۔

رَبَّنَا عَلَیْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَیْكَ اَنَبْنَا وَاِلَیْكَ الْمَصِیْرُ ○ اے ہمارے رب! تجھی پر ہم نے بھروسہ کیا اور تیری ہی طرف ہم رجوع ہوئے اور تیری ہی طرف لوٹنا ہے۔ (پارہ ۲۸ سورہ الممتحنہ آیت ۴)۔

## اللہ کافروں سے بے نیاز ہے۔

وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِیٌّ عَنِ الْعٰلَمِیْنَ ○ اور

Marfat.com

جو انکار کرے تو بے شک اللہ بے پرواہ ہے اہلِ عالم سے۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۹۷)۔

اِنَّ الَّذِیْنَ اشْتَرَوُا الْکُفْرَ بِالْاِیْمَانِ لَنْ یَّضُرُّوا اللّٰہَ شَیْئًا ج۔ بلاشبہ وہ لوگ جنہوں نے خرید اکفر کو بدلے ایمان کے وہ ہرگز ضرر نہیں پہنچا سکیں گے اللہ کو کچھ بھی۔ (پارہ ۴ سورہ آلعمرآن۔ آیت ۷۷)

وَلَا یَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْٓا اَنَّمَا نُمْلِیْ لَھُمْ خَیْرٌ لِّاَنْفُسِھِمْ ط اِنَّمَا نُمْلِیْ لَھُمْ لِیَزْدَادُوْٓا اِثْمًا ج وَلَھُمْ عَذَابٌ مُّھِیْنٌ ○ اور ہرگز نہ سمجھیں وہ لوگ جو کافر ہیں کہ ہم جو ڈھیل دے رہے ہیں اُنھیں وہ بہتر ہے اُن کی جانوں کے لئے ہم تو ڈھیل دے رہے ہیں انھیں تاکہ وہ اور زیادہ گناہ کریں اور اُن کے لئے عذاب ہے رُسوا کرنے والا۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۷۸)۔

فَمَنْ شَآءَ فَلْیُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْیَکْفُرْ لا۔ پس جو چاہے وہ ایمان لائے اور جو چاہے انکار کرے۔ (پارہ ۱۵ سورہ الکہف۔ آیت ۲۹)۔

فَمَنْ کَفَرَ فَعَلَیْہِ کُفْرُہٗ ط۔ پس جو کفر کرے گا سو اُس پر ہوگا وبال اُس کے کفر کا۔ (پارہ ۲۲ سورہ الفاطر۔ آیت ۳۹)۔

اِنَّ الَّذِیْنَ یُحَآدُّوْنَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ کُبِتُوْا کَمَا کُبِتَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِھِمْ ○ بلاشبہ جو لوگ مخالفت

Marfat.com

کرتے ہیں اللہ اور اُس کے رسُولؐ کی، وہ ذلیل کئے جائیں گے۔ جس طرح ذلیل کئے گئے جو لوگ اُن سے پہلے ہوئے۔ (پارہ ۲۸ سورہ المجادلہ۔ آیت ۵)۔

## کافر صحیح علم و عقل نہیں رکھتے۔

صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ○ بہرے ہیں گُونگے ہیں اندھے ہیں پس وہ رجُوع نہیں ہوں گے۔ (پارہ اوّل سورہ بقر۔ آیت ۱۸)۔

صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ ○ بہرے ہیں گُونگے ہیں اندھے ہیں پس وہ نہیں سمجھتے۔ (پارہ ۲ سورہ بقر۔ آیت ۱۷۱)۔

اَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا یَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ط۔ کیا تم عبادت کرتے ہو سوائے اللہ کے اُس کی جو نہیں مالک تمہارے نقصان کا اور نہ نفع کا۔ (پارہ ۶ سورہ مائدہ۔ آیت ۷۶)۔

وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖٓ۔ نہ قدر کی انہوں نے اللہ کی جیسی چاہئے تھی اُس کی قدر دانی۔ (پارہ ۷ سورہ الانعام آیت ۹۱)۔

یُرِیْدُوْنَ اَنْ یُّطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَیَاْبَی اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ یُّتِمَّ نُوْرَهٗ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ○

Marfat.com

وہ چاہتے ہیں کہ بُجھا دیں اللہ کا نُور اپنے مُنہ سے اور نہیں منظور اللہ کو سوا اس کے کہ وہ پُورا کرے اپنے نُور کو اگرچہ ناگوار ہی سمجھیں کافر لوگ۔ (پارہ ۱۰ سورہ التوبہ۔ آیت ۳۲)۔

وَقَدْ مَکَرَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلِلّٰهِ الْمَکْرُ جَمِیْعًا ط اور تدبیر کر چکے ہیں وہ لوگ بھی جو اُن سے پہلے ہوئے ہیں پس اللہ ہی کی ہے تدبیر سب۔ (پارہ ۱۳ سورہ الرعد۔ آیت ۴۲)۔

وَیَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا یَکْرَهُوْنَ۔ اور وہ ٹھہراتے ہیں اللہ کے لئے وہ چیز جس کو وہ خُود ناپسند کرتے ہیں۔ (پارہ ۱۴ سورہ النحل۔ آیت ۶۲)۔

یَعْرِفُوْنَ نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ یُنْکِرُوْنَهَا وَاَکْثَرُهُمُ الْکٰفِرُوْنَ ○ وہ خوب جانتے ہیں نعمتِ الٰہی کو، پھر بھی وہ اس کا انکار کرتے ہیں اور اکثر اُن میں سے ناشُکرے ہیں۔ (پارہ ۱۴ سورہ النحل۔ آیت ۸۳)۔

کَذٰلِکَ یَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰی قُلُوْبِ الَّذِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ ○ اسی طرح مُہر لگا دیتا ہے اللہ دلوں پر اُن لوگوں کے جو یقین نہیں رکھتے۔ (پارہ ۲۱ سورہ الرّوم۔ آیت ۵۹)۔

کَذٰلِکَ یَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰی کُلِّ قَلْبِ مُتَکَبِّرٍ جَبَّارٍ ○ اسی طرح مُہر کر دیتا ہے اللہ دل پر ہر متکبّر اور سرکش کے۔

Marfat.com

(پارہ ۲۴ سورہ المومن۔ آیت ۳۵)۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ پس کون کون سی نعمتوں کو اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے۔ (پارہ ۲۷ سورہ الرحمٰن۔ آیت ۱۳)۔

## اللہ کافروں کا دشمن ہے۔

وَاللّٰهُ مُحِيْطٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ○ اللہ کافروں کو گھیرے ہوئے ہے۔ (پارہ ۱ سورہ بقر۔ آیت ۱۹)۔

فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ ○ سو بلاشبہ اللہ بھی اُن کافروں کا دشمن ہے۔ (پارہ ۱ سورہ بقر۔ آیت ۹۸)۔

فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ○ پھر غور سے دیکھو کیسا ہوا انجام جھٹلانے والوں کا۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۳۷)۔

فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ○ تو غور کیجیے کیسا ہوا انجام جھٹلانے والوں کا۔ (پارہ ۲۵ سورہ الزخرف۔ آیت ۲۵)۔

هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ○ ضرور بدلہ دیا جائے گا کافروں کو جو کچھ وہ کیا کرتے تھے۔ (پارہ ۳۰ سورہ المطففین۔ آیت ۳۶)۔

Marfat.com

## اللہ کافروں کو ہدایت نہیں دیتا۔

وَاللّٰہُ لَا یَھْدِی الْقَوْمَ الْکٰفِرِیْنَ ○ اور اللہ قومِ کفّار کو ہدایت نہیں کرتا۔ (پارہ ۳ سورہ بقر۔ آیت ۲۶۴)۔

اِنَّ اللّٰہَ لَا یَھْدِی الْقَوْمَ الْکٰفِرِیْنَ ○ بے شک اللہ قومِ کفّار کو ہدایت نہیں کرتا۔ (پارہ ۶ سورہ مائدہ۔ آیت ۶۷)۔

اِنَّ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِاٰیٰتِ اللّٰہِ لَا یَھْدِیْھِمُ اللّٰہُ وَلَھُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ○ بے شک وہ لوگ جو ایمان نہیں لاتے آیاتِ الٰہی پر، نہیں راہ پر لاتا انہیں اللہ بھی اور اُن کے لئے عذاب ہے دردناک۔ (پارہ ۱۴ سورہ النحل۔ آیت ۱۰۴)۔

لَا یَھْدِیْ مَنْ ھُوَ کٰذِبٌ کَفَّارٌ ○ نہیں ہدایت کرتا اُس کو جو ہے جھوٹا حق کو نہ ماننے والا۔ (پارہ ۲۳ سورہ الزّمر۔ آیت ۳)۔

## کافروں پر لعنت ہے۔

فَلَعْنَۃُ اللّٰہِ عَلَی الْکٰفِرِیْنَ ○ سو کافروں پر اللہ کی لعنت ہے۔ (پارہ ۱ سورہ بقر۔ آیت ۸۹)۔

لَعْنَۃَ اللّٰہِ وَالْمَلٰٓئِکَۃِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ ○ لعنت اللہ کی اور فرشتوں کی اور سب لوگوں کی۔ (پارہ ۳ سورہ

Marfat.com

آل عمران - آیت ۸۷) -

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۭ وَمَنْ يَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ نَصِيْرًا ۝ یہی لوگ ہیں جنہیں پھٹکار دیا اللہ نے اور جسے پھٹکار دے اللہ، آپ ہرگز نہ پائیں گے اُس کے لئے کوئی مددگار - (پارہ ۵ سورہ نساء - آیت ۵۲) -

## کافر ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے -

وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝ اور کافروں کو ذلت کا عذاب ہے - (پارہ ۱ سورہ بقر - آیت ۹۰) -

وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ اور کافروں کے لئے دردناک عذاب ہے - (پارہ ۱ سورہ بقر - آیت ۱۰۴) -

لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِي الْبِلَادِ ۝ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ثُمَّ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝ نہ دھوکہ میں ڈالے اِدھر اُدھر پھرنا کافروں کا شہروں میں فائدہ ہے تھوڑا سا پھر اُن کا ٹھکانہ ہے دوزخ اور بُرا ہے وہ ٹھکانہ - (پارہ ۴ سورہ آل عمران - آیت ۱۹۶) -

فَاُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَسَاۗءَتْ مَصِيْرًا ۝ پس یہی لوگ ہیں جن کا ٹھکانہ دوزخ ہے اور وہ بری جگہ ہے لوٹنے کی - (پارہ ۵ سورہ نساء - آیت ۹۷) -

Marfat.com

اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ز وَلَا يَجِدُوْنَ عَنْهَا مَحِيْصًا ○ یہی لوگ ہیں جن کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ نہیں پائیں گے اُس سے مخلصی۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۱۲۱)۔

اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ وَفِي النَّارِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ○ یہی لوگ ہیں کہ ضائع ہو گئے اُن کے عمل، اور دوزخ میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ (پارہ ۱۰ سورہ توبہ۔ آیت ۱۷)۔

اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّهٗ مَنْ يُّحَادِدِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاَنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيْهَا۔ کیا انہیں معلوم نہیں کہ جو مخالفت کرے اللہ اور اُس کے رسول کی تو اُس کے لئے آگ ہے دوزخ کی، سدا رہے گا وہ اُس میں۔ (پارہ ۱۰ سورہ توبہ۔ آیت ۶۳)۔

اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ○ یہی لوگ ہیں کہ اکارت ہوئے اُن کے عمل دُنیا اور آخرت میں اور یہی ہیں خسارہ اُٹھانے والے۔ (پارہ ۱۰ سورہ توبہ۔ آیت ۶۹)۔

## اللہ تعالیٰ کافروں کو غلبہ ہرگز نہیں دے گا۔

وَلَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلًا ○ اور ہرگز نہیں دے گا اللہ کافروں کو مسلمانوں

Marfat.com

(پر غلبہ کی) راہ۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۱۴۱)۔

## کافر کہیں گے کہ کاش وہ مسلمان ہوتے۔

رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ○ ایک وقت آئے گا کہ آرزو کریں گے وہ لوگ جو کافر ہیں کہ کاش وہ مسلمان ہوتے۔ (پارہ ۱۴ سورہ الحجر۔ آیت ۲)۔

## شرک ظلم عظیم ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ۔ بے شک اللہ نہیں بخشے گا اس بات کو کہ شریک ٹھہرایا جائے —

(پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۱۱۶)۔

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ○ جو لوگ کافر ہیں وہ اپنے رب کے ساتھ اوروں کو برابر کرتے ہیں۔ (پارہ ۷ سورہ انعام۔ آیت ۱)۔

سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا ○ وہ تو پاک اور برتر ہے اُن سے جو وہ کہتے ہیں برتر حد سے زیادہ۔

(پارہ ۱۵ سورہ بنی اسرائیل۔ آیت ۴۳)۔

اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ○ بے شک شرک بڑا ظلم ہے۔ (پارہ ۲۱ سورہ لقمان۔ آیت ۱۳)۔

Marfat.com

سُبْحَانَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ○ اللہ پاک ہے اُس سے جو وہ شریک ٹھہراتے ہیں۔ (پارہ ۲۷ سورہ الطور۔ آیت ۴۳)۔

## مُشرک اللہ پر افترا کرتے ہیں۔

اُنْظُرْ كَيْفَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ وَكَفٰى بِهٖ اِثْمًا مُّبِيْنًا ○ دیکھئے کیسا افترا کرتے ہیں اللہ پر جھوٹ اور کافی ہے یہی کھلا گناہ۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۵۰)۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ؕ اور کون بڑھ کر ظالم ہے اُس سے جو افترا کرے اللہ پر جھوٹ۔ (پارہ ۱۲ سورہ ہود۔ آیت ۱۸)۔

اِنَّمَا يَفْتَرِى الْكَذِبَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ○ بلاشبہ جھوٹ وافترا تو وہی لوگ کرتے ہیں جو ایمان نہیں رکھتے آیاتِ الٰہی پر اور وہی لوگ ہیں جھوٹے۔ (پارہ ۱۴ سورہ النحل۔ آیت ۱۰۵)۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ○ بلاشبہ وہ لوگ افترا کرتے ہیں اللہ پر جھوٹ وہ فلاح نہیں پاتے۔ (پارہ ۱۴ سورہ النحل۔ آیت ۱۱۶)۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ۔ اور کون زیادہ ظالم ہے اُس سے جو بہتان باندھے اللہ پر جھوٹا۔

Marfat.com

(پارہ ۲۸ سورہ الصّف - آیت ۷) -

## اللہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا -

وَاللّٰہُ عَلِیۡمٌۢ بِالظّٰلِمِیۡنَ ○ اور اللہ ظالموں کو خوب جانتا ہے - (پارہ ۱ سورہ بقر - آیت ۹۵) -

وَمَا لِلظّٰلِمِیۡنَ مِنۡ اَنۡصَارٍ ○ اور نہیں ہے ظالموں کا کوئی مددگار - (پارہ ۴ سورہ آل عمران - آیت ۱۹۲) -

وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِیۡنَ ○ اور یہی سزا ہے ظالموں کی (پارہ ۶ سورہ مائدہ - آیت ۲۹) -

اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الۡمُعۡتَدِیۡنَ ○ بے شک اللہ نہیں پسند کرتا حد سے بڑھنے والوں کو - (پارہ ۶ سورہ مائدہ - آیت ۸۷) -

اِنَّہٗ لَا یُفۡلِحُ الظّٰلِمُوۡنَ ○ بلاشبہ ظالم لوگ فلاح نہیں پاتے - (پارہ ۷ سورہ الانعام - آیت ۲۱) -

وَكَذٰلِكَ نَجۡزِی الظّٰلِمِیۡنَ ○ اور اسی طرح ہم سزا دیتے ہیں ظالموں کو - (پارہ ۸ الاعراف - آیت ۴۱) -

وَمَا لِلظّٰلِمِیۡنَ مِنۡ نَّصِیۡرٍ ○ اور نہیں ہے ظالموں کا کوئی مددگار - (پارہ ۱۷ سورہ الحج - آیت ۷۱) -

اِنَّہٗ لَا یُفۡلِحُ الظّٰلِمِیۡنَ ○ بے شک ظالم لوگ کامیاب نہیں ہوتے - (پارہ ۲۰ سورہ القصص - آیت ۳۷) -

Marfat.com

## مُفسِدوں کی سزا۔

وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ ○ اور اللہ فساد کو پسند نہیں کرتا۔ (پارہ ۲ سورہ بقر۔ آیت ۲۰۵)۔

اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْٓا اَوْ يُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ۭ ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ○ بے شک سزا ان لوگوں کی جو جنگ کرتے ہیں اللہ اور اُس کے رسولؐ سے اور کوشش کرتے ہیں مُلک میں فساد پھیلانے کی یہی ہے کہ وہ قتل کئے جائیں یا سُولی دئے جائیں یا کاٹ دئے جائیں اُن کے ہاتھ اور پاؤں مخالف طرف سے یا وہ نکال دئے جائیں مُلک سے یہ اُن کے لئے ذِلّت ہے دُنیا میں اور ان کے لئے آخرت میں عذاب ہے بہت بڑا۔ (پارہ ۶ سورہ مائدہ۔ آیت ۳۳)۔

فَاذْكُرُوْٓا اٰلَاۗءَ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ○ پس اللہ کے احسان یاد کرو اور زمین میں فساد مچاتے نہ پھرو۔ (پارہ ۸ سورہ اعراف۔ آیت ۷۴)۔

فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ○ پس

Marfat.com

دیکھئے کیسا ہوا انجام فساد کرنے والوں کا۔ (پارہ ۹ سورہ اعراف۔ آیت ۱۰۳)۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ○ بلاشبہ اللہ نہیں راس لاتا مُفسد لوگوں کے کام کو۔ (پارہ ۱۱ سورہ یونس۔ آیت ۸۱)۔

## اللہ اپنے بندوں پر ظُلم نہیں کرتا۔

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ○ اللہ کسی شخص کو تکلیف نہیں دیتا مگر اس کی طاقت کے مطابق۔ (پارہ ۳ سورہ بقر۔ آیت ۲۸۶)۔

وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعٰلَمِيْنَ ○ اور اللہ نہیں چاہتا ظلم کرنا اہلِ عالم پر۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۰۸)۔

وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ○ کہ اللہ تو نہیں ظلم کرتا بندوں پر۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۸۲)۔

وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا۔ اور نہیں تکلیف دیتے ہم کسی نفس کو مگر اُس کی طاقت کے مطابق۔ (پارہ ۱۸۔ سورہ المومنون۔ آیت ۶۲)۔

Marfat.com

## مُنافق جھوٹے اور دُنیا کے طلبگار ہیں۔

يَقُولُونَ بِأَفْوَاهِهِمْ مَا لَيْسَ فِي قُلُوبِهِمْ ط
وہ اپنے منہ سے کہتے ہیں وہ بات جو اُن کے دلوں میں نہیں ہے۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۶۷)۔

اَلَّذِيْنَ يَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ط اَيَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ○ وہ لوگ جو بناتے ہیں کافروں کو دوست سوائے مسلمانوں کے کیا وہ چاہتے ہیں اُن کے پاس عزّت پس بے شک عزّت تو سب اللہ ہی کے لئے ہے۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۱۳۹)۔

اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ○ کیا تم اللہ کے ذمّے وہ باتیں لگاتے ہو جو تم نہیں جانتے۔ (پارہ ۸۔ سورہ الاعراف۔ آیت ۲۸)۔

تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا وَاللّٰهُ يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ط
تم چاہتے ہو مالِ دُنیا کو اور اللہ چاہتا ہے آخرت۔ (پارہ ۱۰ سورہ الانفال۔ آیت ۶۷)۔

وَاَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ۔ اور کہ وہ کہتے ہیں وہ بات جو وہ نہیں کرتے۔ (پارہ ۱۹ سورہ الشّعراء۔ آیت ۲۲۶)۔

Marfat.com

## مُنافِقوں کا ٹھکانہ دوزخ ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِیْنَ وَالْکٰفِرِیْنَ فِیْ جَھَنَّمَ جَمِیْعًا۝ بلاشک اللہ جمع کرنے والا ہے سب منافقوں اور کافروں کو جہنم میں۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۱۴۰)۔

اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ فِی الدَّرْکِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ ۚ بیشک مُنافق لوگ سب سے نچلے درجے میں ہوں گے دوزخ کے۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۱۴۵)۔

## مرد عورتوں پر فائق ہیں۔

اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَی النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰہُ بَعْضَھُمْ عَلٰی بَعْضٍ۔ مرد فائق ہیں عورتوں پر بہ سبب اس کے کہ بزرگی دی اللہ نے ایک کو دُوسرے پر۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۳۴)۔

## شرم وحیا اور عصمت وعفّت۔

قُلْ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ یَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِھِمْ وَیَحْفَظُوْا فُرُوْجَھُمْ ؕ ذٰلِکَ اَزْکٰی لَھُمْ ؕ اِنَّ اللّٰہَ خَبِیْرٌ بِمَا یَصْنَعُوْنَ ۝ وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ یَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِھِنَّ وَیَحْفَظْنَ فُرُوْجَھُنَّ وَلَا یُبْدِیْنَ زِیْنَتَھُنَّ۔ کہہ دیجئے

Marfat.com

مسلمان مردوں سے کہ نیچی کرلیں اپنی نگاہیں اور حفاظت کریں اپنی شرمگاہوں کی۔ یہی بات زیادہ پاکیزہ ہے اُن کے لئے۔ بے شک اللہ خوب واقف ہے اس سے جو وہ کرتے ہیں اور کہہ دیجئے مسلمان عورتوں سے کہ وہ نیچی کریں اپنی نظریں اور حفاظت کریں اپنی شرمگاہوں کی اور نہ ظاہر کریں اپنی زینت۔ (پارہ ۱۸ سورہ النّور۔ آیت ۳۰-۳۱)۔

یَا اَیُّھَا النَّبِیُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِیْنَ یُدْنِیْنَ عَلَیْھِنَّ مِنْ جَلَابِیْبِھِنَّ ط ذٰلِكَ اَدْنٰۤی اَنْ یُّعْرَفْنَ۔ اے نبی! کہہ دیجئے اپنی بیبیوں اور بیٹیوں اور مسلمانوں کی عورتوں سے کہ لٹکا لیا کریں اپنے اُوپر سے کچھ اپنی چادریں۔ یہ بات زیادہ قریب ہے اس سے کہ وہ پہچانی جائیں۔ (پارہ ۲۲ سورہ الاحزاب۔ آیت ۵۹)۔

## سیاحت کرو۔

فَسِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ۔ پس سیر کرو زمین کی۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۳۷)۔

## اِنسان کی فطرت

وَیَدْعُ الْاِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَہٗ بِالْخَیْرِ ط وَکَانَ

Marfat.com

الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا ○ اور دُعا کرتا ہے انسان بُرائی کی جیسے کہ وہ دُعا کرتا ہے بھلائی کی اور ہے انسان بڑا جلد باز۔ (پارہ ۱۵ سورہ بنی اسرائیل۔ آیت ۱۱)۔

وَكَانَ الْاِنْسَانُ قَتُوْرًا ○ اور انسان بڑا ہی بخیل ہے۔ (پارہ ۱۵ سورہ بنی اسرائیل۔ آیت ۱۰۰)۔

اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ ○ بے شک انسان بڑا بے شکرا ہے۔ (پارہ ۱۷ سورہ حج۔ آیت ۶۶)۔

لَا يَسْئَمُ الْاِنْسَانُ مِنْ دُعَاءِ الْخَيْرِ وَاِنْ مَّسَّهُ الشَّرُّ فَيَئُوْسٌ قَنُوْطٌ ○ نہیں اُکتا تا آدمی بھلائی مانگنے سے، اور اگر پہنچے اس کو تکلیف تو مایوس اور نا اُمید ہو جاتا ہے۔ (پارہ ۲۴ سورہ حٰمٓ السجدہ۔ آیت ۴۹)۔

اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ مُّبِيْنٌ ○ بے شک انسان تو صریح ناشکرا ہے۔ (پارہ ۲۵ سورہ الزخرف۔ آیت ۱۵)۔

اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ ○ کہ بے شک انسان اپنے رب کا بڑا ناشکرا ہے۔ (پارہ ۳۰ سورہ العٰدیٰت۔ آیت ۶)۔

## بادشاہت کی تباہ کاریاں۔

اِنَّ الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا قَرْيَةً اَفْسَدُوْهَا وَجَعَلُوْٓا اَعِزَّةَ اَهْلِهَآ اَذِلَّةً ج۔ بلاشبہ بادشاہ جب

Marfat.com

داخل ہوتے ہیں کسی بستی میں تو اُس کو تباہ کر دیتے ہیں اور کر دیتے ہیں اُس کے معزّز لوگوں کو ذلیل۔ (پارہ ۱۹ سورہ النمل۔ آیت ۳۴)۔

## گردشِ ایّام

وَتِلْكَ الْاَیَّامُ نُدَاوِلُهَا بَیْنَ النَّاسِ۔ اور یہ (فتح و شکست) کے دن ہم پھراتے رہتے ہیں لوگوں کے درمیان۔
(پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۴)۔

## سُود حرام ہے۔

اَلَّذِیْنَ یَاْکُلُوْنَ الرِّبٰوا لَا یَقُوْمُوْنَ اِلَّا کَمَا یَقُوْمُ الَّذِیْ یَتَخَبَّطُهُ الشَّیْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ ؕ۔ جو لوگ کھاتے ہیں سود، وہ نہیں اُٹھیں گے مگر جیسے اٹھتا ہے وہ شخص، جسے مخبُوط الحواس بنا دیا ہو شیطان نے لپٹ کر۔ (پارہ ۳ سورہ بقر۔ آیت ۲۷۵)۔

وَاَحَلَّ اللّٰهُ الْبَیْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا ؕ۔ حلال کیا اللہ نے بیع کو اور حرام کیا سُود کو۔ (پارہ ۳ سورہ بقر۔ آیت ۲۷۵)۔

یَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَیُرْبِی الصَّدَقٰتِ ؕ۔ مٹاتا ہے اللہ سُود کو اور بڑھاتا ہے صدقات کو۔ (پارہ ۳ سورہ بقر۔ آیت ۲۷۶)۔

Marfat.com

## لین دین لکھ لیا کرو۔

اِذَا تَدَایَنْتُمْ بِدَیْنٍ اِلٰٓی اَجَلٍ مُّسَمًّی فَاکْتُبُوْہُ ۔

جب آپس میں مُعاملہ کیا کرو اُدھار کا کسی میعاد معیّن تک تو لکھ لیا کرو اُس کو۔ (پارہ ۳ سورہ بقر۔ آیت ۲۸۲)۔

فَاِنْ کَانَ الَّذِیْ عَلَیْہِ الْحَقُّ سَفِیْہًا اَوْ ضَعِیْفًا اَوْ لَا یَسْتَطِیْعُ اَنْ یُّمِلَّ ھُوَ فَلْیُمْلِلْ وَلِیُّہٗ بِالْعَدْلِ ط

پھر اگر وہ شخص جس پر ہے قرض، نادان ہے یا ضعیف یا وہ نہیں لکھوا سکتا خود، تو لکھوا دے اُس کا مختار انصاف سے۔ (پارہ ۳ سورہ بقر۔ آیت ۲۸۲)۔

## ہمیشہ سچّی گواہی دو۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ کَتَمَ شَہَادَۃً عِنْدَہٗ مِنَ اللّٰہِ ط

اور کون بڑھ کر ظالم ہے اُس سے جو چھپائے گواہی جو اُس کے پاس ہے اللہ کی طرف سے۔ (پارہ ۱ سورہ بقر۔ آیت ۱۴۱)۔

وَلَا تَکْتُمُوا الشَّہَادَۃَ ط وَمَنْ یَّکْتُمْہَا فَاِنَّہٗٓ اٰثِمٌ قَلْبُہٗ ط۔ اور نہ چھپایا کرو تم شہادت کو اور جو چھپائے اُس کو تو بے شک گنہگار ہے اُس کا دل۔ (پارہ ۳ سورہ بقر۔ آیت ۲۸۳)۔

کُوْنُوْا قَوّٰمِیْنَ بِالْقِسْطِ شُہَدَآءَ لِلّٰہِ وَلَوْ عَلٰٓی

Marfat.com

اَنْفُسِکُمْ اَوِ الْوَالِدَیْنِ وَالْاَقْرَبِیْنَ ج خوب قائم رہو انصاف پر، گواہی دو اللہ کے لئے اگرچہ خلاف ہو خود تمہاری ذات کے یا والدین اور قریبیوں کے۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۱۳۵)۔

کُوْنُوْا قَوّٰامِیْنَ لِلّٰہِ شُھَدَآءَ بِالْقِسْطِ وَلَا یَجْرِمَنَّکُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰۤی اَلَّا تَعْدِلُوْا ط۔ قائم رہو خدا واسطے شہادت دینے کو انصاف سے اور نہ اُبھارے تمہیں دشمنی کسی قوم کی اِس پر کہ تم عدل نہ کرو۔ (پارہ ۶ سورہ مائدہ۔ آیت ۸)۔

وَاِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَلَوْ کَانَ ذَا قُرْبٰی ج اور جب تم کوئی بات کہو تو انصاف سے کہو، اگرچہ وہ ہو قریبی ہی۔ (پارہ ۸ سورہ انعام۔ آیت ۱۵۲)۔

## آداب و اخلاق

قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّمَغْفِرَۃٌ خَیْرٌ مِّنْ صَدَقَۃٍ یَّتْبَعُھَآ اَذًی ط۔ بات اچھی اور درگزر کرنا بہتر ہے ایسے صدقے سے جس کے بعد ہو ایذا رسانی۔ (پارہ ۳ سورہ بقر۔ آیت ۲۶۳)۔

وَاِذَا حُیِّیْتُمْ بِتَحِیَّۃٍ فَحَیُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْھَآ اَوْ رُدُّوْھَا ط۔ اور جب تحفہ دیا جائے تمہیں سلام کا تو تحفہ دو اچھا اس سے یا لوٹا دو وہی کلمہ۔ (پارہ ۵ سورہ نساء۔ آیت ۸۶)۔

وَلَا تَاْکُلُوْا مِمَّا لَمْ یُذْکَرِ اسْمُ اللّٰہِ عَلَیْہِ وَاِنَّہٗ

Marfat.com

لَفِسْقٌ ط۔ اور نہ کھاؤ اُس میں سے کہ نہیں لیا گیا نام اللہ کا اُس پر اور بے شک وہ گناہ ہے۔ (پارہ ۸ سورہ انعام۔ آیت ۱۲۱)۔

قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّیَ الْفَوَاحِشَ۔ کہہ دیجئے، بے شک حرام کر دی ہیں میرے رب نے بے حیائی کی باتیں۔ (پارہ ۸ سورہ اعراف۔ آیت ۳۳)۔

یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُیُوْتًا غَیْرَ بُیُوْتِكُمْ حَتّٰی تَسْتَاْنِسُوْا وَ تُسَلِّمُوْا عَلٰۤی اَهْلِهَاؕ ذٰلِكُمْ خَیْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ○ اے ایمان والو! نہ داخل ہو اور گھروں میں سوائے اپنے گھروں کے، تا آنکہ تم اجازت لے لو اور سلام کر لو اُن گھر والوں پر، یہ بات بہتر ہے تمہارے لئے تاکہ تم یاد رکھو۔ (پارہ ۱۸ سورہ نور۔ آیت ۲۷)۔

وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ ط اِنَّ اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِیْرِ ○ اور اپنی آواز کو پست کرو، بے شک مکروہ ترین آوازوں میں گدھوں کی آواز ہے۔ (پارہ ۲۱ سورہ لقمٰن۔ آیت ۱۹)۔

تَفَسَّحُوْا فِی الْمَجٰلِسِ۔ مجلسوں میں کھل کر بیٹھو۔ (پارہ ۲۸ سورہ مجادلہ۔ آیت ۱۱)۔

وَ ثِیَابَكَ فَطَهِّرْ ○ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ○ اور اپنے کپڑے صاف رکھو اور گندگی سے الگ رہو۔ (پارہ ۲۹ سورہ مدثر۔ آیت ۴/۵)۔

Marfat.com

## متفرقات

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ ○ ہم تو اللہ کے (بندے) ہیں اور ہم اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ (پارہ ۲ سورہ بقرہ۔ آیت ۱۵۶)۔

فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ۔ اللہ کی راہ میں۔ (پارہ ۴ سورہ آل عمران۔ آیت ۱۴۶)

اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ۔ مگر جو اللہ چاہے۔ (پارہ ۹ سورہ اعراف۔ آیت ۱۸۸)۔

وَمَا تَوْفِیْقِیْٓ اِلَّا بِاللّٰهِ۔ اور مجھے توفیق نہیں، مگر اللہ کی تائید سے۔ (پارہ ۱۲ سورہ ہُود۔ آیت ۸۸)۔

اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِیْنُ ○ بلاشبہ یہ تو (اللہ کا) فضل ہے صریح۔ (پارہ ۱۹ سورہ النّمل۔ آیت ۱۶)۔

هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّیْ۔ یہ ہے فضل میرے رب کا۔ (پارہ ۱۹ سورہ النّمل۔ آیت ۴۰)۔

اِنْ شَآءَ اللّٰهُ۔ اگر چاہا اللہ نے۔ (پارہ ۲۳ سورہ الصّٰفّٰت۔ آیت ۱۰۲)۔

وَمَا عَلَیْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِیْنُ ○ اور نہیں ہمارے ذمّے مگر پہنچا دینا کھُلّم کھُلّا۔ (پارہ ۲۲ سورہ یٰسٓ۔ آیت ۱۷)۔

Marfat.com

# اغراض اور مقاصد

۱۔ اسلامی فکر و ثقافت اور تصوّرات کی اشاعت و تبلیغ۔ اموالِ وقف سے اسلامی ادب، دینی کتب اور جرائد و رسائل بالخصوص قرآن مجید معرّا و مترجم کی طباعت و اشاعت۔

۲۔ ٹرسٹ کے زیر اہتمام تین خیراتی ہسپتال لاہور، پشاور اور کراچی میں قائم ہیں۔ جن میں روزانہ صدہا مریض مُفت دوا و مشورہ حاصل کرتے ہیں۔

۳۔ مخصوص حالات میں مدارس اور بعض ایسے اداروں کے ساتھ تعاون، جو اسلامی ادب، شریعت اور مذہب کی تبلیغ و تعلیم میں مصروف ہیں۔

۴۔ ٹرسٹ ایسے لوگوں سے بھی واسطہ رکھتا ہے جن کے قلوب حق اور راستی کی طرف مائل ہوں۔

تبلیغ اسلام۔
قرآن مجید کی ارزاں اور صحیح اشاعت۔
خیراتی ہسپتالوں کا اجرا
اسلامی اور تعلیمی درس گاہوں سے تعاون۔

## اسلامی تصوّرات اور فکر و نظر

ہی معاشرہ کی اخلاقی، مادی اور روحانی ترقی کا موجب قرار دیے جا سکتے ہیں۔ ان کے علاوہ خلق خدا کی فلاح و بہبود کے لیے مختلف النوع خیرآنہ اور دینی امور کی انجام دہی بھی ایک انسانی اور فطری فریضہ ہے۔ ان مقتضیات کے پیش نظر ۹ جنوری ۱۹۶۲ء کا دن فیروزسنز کی تاریخ میں یادگار رہے گا جب حضرت الحاج مولوی فیروزالدّین رحمۃ اللہ علیہ نے ملک اور قوم کی بھلائی اور معاشرہ کی اہم ضروریات کو حتی الامکان پورا کرنے کے لئے دو لاکھ روپے کی خطیر رقم سے

**فیروزسنز ٹرسٹ**

قائم کرکے
اپنی اخلاقی اور دینی
فرض شناسی
کا ثبوت دیا۔

# فیروزسنز ٹرسٹ
لاہور


Marfat.com

اٰیاتھا ۱۱۱ (۱۷) سُوْرَةُ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مَکِّیَّةٌ (۵۰) رکوعاتھا ۱۲

آیتیں ۱۱۱ سورۂ بنی اسرائیل مکہ میں نازل ہوئی رکوع ۱۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ

پاک ہے وہ ذات جس نے سیر کرائی اپنے بندے کو ایک رات مسجد

الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَکْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِیَهٗ

حرام (کعبہ) سے مسجد اقصیٰ تک کہ برکت رکھی ہمنے اسکے چاروں طرف تاکہ دکھائیں ہم اسکو

مِنْ اٰیٰتِنَا ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ① وَاٰتَیْنَا مُوْسَی الْکِتٰبَ

اپنی بعض نشانیاں۔ بیشک وہی سب کچھ سننے دیکھنے والا ہے اور دی ہم نے موسیٰ کو کتاب

وَجَعَلْنٰهُ هُدًی لِّبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اَلَّا تَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِیْ

اور بنایا ہم نے اسکو ہدایت بنی اسرائیل کیلئے کہ نہ ٹھیراؤ تم میرے سوا

وَکِیْلًا ② ذُرِّیَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ؕ اِنَّهٗ کَانَ عَبْدًا

کسی کو کارساز تم اولاد ہو انکی جن کو ہم نے سوار کیا تھا ہمراہ نوح کے۔ بیشک وہ تھا بندہ

شَکُوْرًا ③ وَقَضَیْنَآ اِلٰی بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ فِی الْکِتٰبِ

بڑا شکر گزار اور ہم نے صاف صاف کہدیا تھا بنی اسرائیل سے کتاب میں

لَتُفْسِدُنَّ فِی الْاَرْضِ مَرَّتَیْنِ وَلَتَعْلُنَّ عُلُوًّا کَبِیْرًا ④ فَاِذَا

کہ تم ضرور فساد کرو گے زمین میں دو بار اور تم سرکشی کرو گے بہت بڑی۔ پس جب

جَآءَ وَعْدُ اُوْلٰىهُمَا بَعَثْنَا عَلَیْکُمْ عِبَادًا لَّنَآ اُولِیْ بَاْسٍ

آگیا وعدہ پہلا ان دونوں میں سے تو ہمنے اٹھا کھڑے کئے تم پر کچھ بندے اپنے جو لڑائی میں



تسہیل القرآن

(۱) اللہ نے نقص و عیب ... نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ... سال ہجرت سے پہلے ایک ... بیت اللہ کے پاس مقام حرم ... اور بیداری کی حالت میں ... پر سوار کر کے مسجد حرام سے بیت ... تک جس میں اللہ نے ظاہری ... برکات و سرسبزی و شادابی ... کا مسکن و مدفن ہونا ... آپکو اپنی قدرت کے کچھ ... رات کے چند لمحوں میں ... سیر کرکے مکہ سے بیت المقدس ... جانا اور انبیاء کی ارواح ... اور انکو نماز پڑھانا ... سدرۃ المنتہیٰ تک جسد مبارک ... معراج اور مکالمہ الٰہی ... وغیرہ خوارق) دکھلانے کیلئے ... بلاشبہ آپ ہر طرح کی قدرت ... وہی سب کچھ سنتا اور دیکھتا ...

(۲) اور ہم نے بنی اسرائیل ... کیلئے حضرت موسیٰ پر تورات ... کرکے حکم دیا کہ تم ہمارے سوا ... اپنا کارساز نہ بناؤ یعنی توحید ... قائم رہو (۳) اے بنی اسرائیل ... تم اُن لوگوں کی اولاد ہو ... نوح علیہ السلام میں انکے ہمراہ ... سوار تھے اور بلاشبہ نوح ... شکر گزار بندے تھے ... حق کا انکار کرکے اللہ کی ناشکری ... کرتے ہو (۴) اور تورات ... بنی اسرائیل کو انکے متعلق ... تھا کہ تم زمین میں دو بار فساد ... اور سرکشی اور ظلم ... سزا پاؤ گے ... دو بار کے ... مراد اول احکام تورات کی ... اور بنی شعیا کا قتل اور دوسرے ... یحییٰ وغیرہ انبیاء کا قتل (۵) ... جب تمہارے پہلے فساد اور ... کی پاداش میں وعدہ عذاب ... کا وقت آگیا تو ہم نے تمہارے ... کیلئے اپنے سخت جنگجو بندے ... بابل ... شاہ ... ایرانی ... یا ... بخت نصر اور انکے لشکر ...

نمونہ حمائل شریف معہ ترجمہ تسہیل القرآن از حضرت مولانا مولوی فیروز الدین صاحب
(قرآنی جواہر پارے میں یہی ترجمہ دیا گیا ہے)

Marfat.com

X

وَاِنَّ مِنَ الْبَیَانِ لَسِحْرًا

میٹھے بول میں جادو ہے۔

# قرآنی جواہر پارے

قرآن کی اُن آیات و فقرات کا انتخاب جن سے تحریر و تقریر کو پُرزور، مُدلّل، مؤثّر اور پاکیزہ بنایا جا سکتا ہے، جو اہلِ ذوق کے لئے شادابیٔ قلب و نظر اور ازدیادِ ایمان و ایقان کا مُوجب ہیں۔


مرتّبہ

## عبدالحمید خان

ابن

الحاج مولوی فیروزالدّین صاحبؒ

مترجم و مفسّر قرآن مجید و بانیٔ فیروز سنز



فیروز سنز

لاہور کراچی پشاور

قیمت ۲ روپے



Marfat.com